ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 جمعرات 28 محرم الحرام 1447ھ 24 جولائی 2025ء صفحات 08 شمارہ 19
رجسٹرڈ BC-m-13 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 30 روپے

پنجابیوں کی ٹارگٹ کلنگ کا مقصد قومی یکجہتی کا نقصان پہنچانا، دہشتگرد ایک انچ زمین پر بھی قبضہ نہیں کر سکتے، وزیراعلیٰ

آج کے بلوچستان میں ریاست مخالف سرگرمیوں کی جڑیں ماضی کی غلط فہمیوں اور مخصوص بیانیے سے جڑی ہوئی ہیں، حکومت سے نالاں نوجوانوں کے شکوے دور کر کے انہیں گلے لگایا جائے گا

ریاست توڑنے کی خواہش رکھنے والوں، معصوم پاکستانیوں کے قاتلوں سے ماورائے آئین بات نہیں ہو سکتی البتہ آئین پاکستان کے تحت جو بات چیت کرنا چاہے اس کے لیے ہمارے دروازے کھلے ہیں

قلات میں محدود پیمانے پر کارروائی کو پورے بلوچستان میں آپریشن قرار دینا تاریخ کی غلط تعبیر ہے اس لیے ضروری ہے کہ ہم درست تاریخی تجزیہ کریں، 16 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب

ناراضی کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ ہتھیار اٹھا لیے جائیں آئین پاکستان ریاست سے غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے اور اس دائرے میں رہتے ہوئے بات کی جائے تو ہر مسئلے کا حل ممکن ہے، سرفراز بگٹی

نوجوانوں کو ترقی، تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کر کے ریاست کے ساتھ جوڑ رہے ہیں تاکہ وہ آگے بڑھ کر قومی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں، ینگ پارلیمنٹرین فورم کے وفد سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مسائل کو حقیقی تناظر میں سمجھنے کے لیے ماضی کی حقیقت کو جاننا ناگزیر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے 16 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ....... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ینگ پارلیمنٹرین فورم پاکستان کی صدر رکن قومی اسمبلی سیدہ نوشین افتخار اور جنرل سیکرٹری ایم پی اے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی کی قیادت وفد نے ملاقات کی، ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی، سماجی اور امن و امان کی...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیگاری قتل واقعہ کے ملزمان عدالت میں پیش

سردار شیر باز ساتکزئی اور بشیر احمد کا 10 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

[illegible] بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

سلیمان اور قاسم خان ٹرمپ کے خصوصی ایلچی رچرڈ گرینل کے ہمراہ

مستونگ: دہشتگردوں کے حملے، پاک فوج کے میجر سمیت 2 اہلکار شہید، 8 زخمی

دہشتگردوں نے اسپلنجی کے علاقے میں سیکورٹی فورسز کے قافلے کو نشانہ بنایا، میجر زیاد سلیم شہید، جبکہ پانچ اہلکار زخمی ہوگئے

گل خان چیک پوسٹ کے قریب سیکورٹی فورسز کی گاڑی دھماکہ خیز مواد سے ٹکرا گئی حوالدار عادل شہید تین اہلکار زخمی

گورنر بلوچستان کا میجر زیاد سلیم کی شہادت پر اظہار افسوس فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن+خ ن) بلوچستان کے علاقے مستونگ میں دہشت گردی کے دو مختلف واقعات میں پاک فوج کے آفیسر سمیت 2 اہلکار شہید جبکہ 8 اہلکار زخمی ہوگئے ذرائع کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے علاقے مستونگ میں کابو اسپلنجی میں سیکورٹی فورسز... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ڈیگاری قتل واقعہ میں نامزد سردار شیر باز ساتکزئی کو عدالت میں پیش کیا جا رہا ہے

ٹیکس نظام میں اصلاحات کا مقصد عام آدمی پر ٹیکسوں کا بوجھ کم کرنا ہے، وزیراعظم

نجکاری اولین ترجیح، پیداواری شعبوں کی

نجکاری کے مراحل میں قومی اداروں کی ملکیت میں بیش قیمت اراضی کے تصفیہ میں ہر ممکن احتیاط ملحوظ خاطر رکھی جائے، شہباز شریف

سرخ فیتے اور غیر ضروری عناصر کا خاتمہ کرنے کیلئے نجکاری کمیشن کو قانون کے مطابق مکمل خود مختاری دی جائے گی، اجلاس میں گفتگو

ایف بی آر اصلاحات ٹیکس نظام کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے معینہ مدت میں اقدامات یقینی بنائے جائیں، بات چیت

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ خسارے میں چلنے والے قومی اداروں کی نجکاری ملکی معیشت کی بہتری اور ترقی کے لئے ناگزیر ہے، نجکاری کے عمل کو موثر، جامع اور مستعدی سے مکمل کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، منتخب اداروں...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے رکن قومی اسمبلی سیدہ نوشین افتخار اور نوابزادہ میر جمال رئیسانی کی قیادت میں ینگ پارلیمنٹرین فورم پاکستان کا وفد ملاقات کر رہا ہے

معاہدے کے تحت پاکستان سے آم، کینو، کیلا اور آلو افغانستان کو برآمد ہوں گے، افغانستان سے انگور، انار، سیب اور ٹماٹر پاکستان درآمد کیے جائینگے

پاکستان اور افغانستان کے درمیان مضبوط تجارتی معاہدے پر دستخط

44 اشیاء پر ٹیرف میں 33 فیصد کمی

دوطرفہ تجارتی معاہدے پر دستخط کی تقریب اسلام آباد میں منعقد ہوئی افغانستان کی جانب سے ڈپٹی وزیر تجارت ملا احمد اللہ زاہد اور پاکستان کے سیکریٹری تجارت جواد پال نے معاہدے پر دستخط کیے

معاہدہ یکم اگست 2025 سے ایک سال کے لیے مؤثر ہوگا اور قابل تجدید ہے مستقبل میں مزید اشیاء شامل کرنے کی گنجائش موجود، دونوں ممالک کا دوطرفہ تجارت اور معاشی تعاون بڑھانے پر مکمل اتفاق

دونوں ممالک کے مابین پی ٹی اے معاہدہ طے پا گیا، پاکستان کو برآمد کی جانے والی افغان اشیاء پر عائد شرح ٹیرف کم ہو کر 27 فیصد ہو جائے گی، ترجمان سفارتخانہ امارت اسلامی افغانستان کی تصدیق

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان اور افغانستان کے درمیان ترجیحی تجارتی معاہدے پر دستخط ہو گئے ہیں، 44 اشیا پر ٹیکس میں نمایاں کمی کر دی گئی ہے جبکہ معاہدہ یکم اگست 2025 سے مؤثر ہوگا، معاہدے کی تصدیق نمائندہ خصوصی برائے افغانستان محمد صادق...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

26 نومبر احتجاج مقدمات: گنڈاپور، عمر ایوب، اسد قیصر، عارف علوی کے وارنٹ گرفتاری جاری

تمام ملزمان اور وکلاء کو نوٹس جاری کر دیے گئے پولیس نے ٹیمیں تشکیل دے کر چھاپہ مار کارروائیاں شروع کر دیں

لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس میں سابق گورنر عمران اسمٰعیل تھانہ بارہ کہو میں توڑ پھوڑ کی دفعات کے تحت مقدمے میں نامزد

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی راولپنڈی کی عدالت نے 26 نومبر احتجاج کے تین مقدمات کی جلد سماعت کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے 25 جولائی کو سماعت مقرر کر لی۔ بعد کو انسداد دہشتگری کی عدالت کے جج امجد علی شاہ کے روبرو...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی گرفتاری اور سزا کو نہیں مانتے، وزیراعلیٰ کے پی

پی ٹی آئی کو ختم کرنے والے ماضی کا قصہ بنتے جا رہے، علی امین گنڈاپور

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری کو غیر آئینی و غیر قانونی قرار دیتے ہوئے 5 اگست سے...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

برطانوی قیادت سے ملاقات کا منتظر ہوں، وزیراعظم

تجارتی مذاکرات فائدہ مند ثابت ہوں گے، برطانوی ہائی کمشنر سے گفتگو

کنگ چارلس سوئم اور وزیراعظم کیئر سٹارمر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم نے کہا ہے وہ رواں سال برطانیہ کی قیادت سے ملاقات کے منتظر ہیں، انہوں نے برطانوی حکومت کی جانب سے پی آئی اے کی پروازوں کی بحالی کے حالیہ فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے پاکستان میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے ملاقات کی، اس موقع پر وزیراعظم نے کنگ چارلس سوئم اور...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان، بنگلہ دیش کا سفارتی و سرکاری پاسپورٹس کو ویزا فری انٹری کی سہولت دینے کا اصولی فیصلہ

محسن نقوی کی بنگلہ دیشی ہم منصب سے ملاقات، انٹرنل سکیورٹی، پولیس ٹریننگ شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق

دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے کیلئے مشترکہ کمیٹی تشکیل دی جائے گی، بنگلہ دیش کا اعلیٰ سطحی وفد جلد اسلام آباد آئے گا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان، بنگلہ دیش نے سفارتی و سرکاری پاسپورٹس پر ویزا فری انٹری کی سہولت دینے کا اصولی فیصلہ کر لیا، اتفاق وزیر داخلہ محسن نقوی کی...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن کیلئے مسئلہ فلسطین کا دو ریاستی حل ناگزیر ہے، اسحاق ڈار

سلامتی کونسل غزہ میں فوری جنگ بندی، انسانی امداد کی بلا رکاوٹ رسائی، قبضے اور جبری بے دخلی کا خاتمہ کروائے

وقت آگیا ہے کہ فلسطینی عوام کو وہ سب کچھ دیا جائے جس سے وہ طویل عرصے سے محروم رہے ہیں، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا سہ ماہی مباحثہ ہوا جس دوران غزہ میں ہسپتالوں، سکولوں، امدادی قافلوں اور پناہ گزین کیمپوں کو نشانہ بنانے کی مذمت کی گئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار نے کہا کہ اجتماعی سزا کے دانستہ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین کے بغیر کسی معاشرے کی پائیدار ترقی ممکن نہیں، وزیراعلیٰ

میر سرفراز بگٹی سے صوبائی مشیر ڈاکٹر ربابہ بلیدی کی ملاقات مختلف امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کے روز یہاں صوبائی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں خواتین کے تحفظ، انہیں بااختیار بنانے اور ترقی کے حوالے سے جاری اور مجوزہ اقدامات...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

اوور بلنگ اور غلط بلنگ سیکٹر کا سب سے اہم اور بڑا مسئلہ تھا، پاور ڈویژن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ترجمان پاور ڈویژن نے بتایا ہے کہ اوور بلنگ اور غلط بلنگ سیکٹر کا سب سے اہم اور بڑا مسئلہ تھا۔ ترجمان پاور ڈویژن نے 2 روز قبل اوور...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

واٹس ایپ ٹی پی کے نمبرز اور گروپس بلاک کرے، وزیرمملکت داخلہ

ایسے خودکار نظام متعارف کرائے جائیں جو دہشتگردی کے مواد کی نشاندہی کی صلاحیت رکھتے ہوں

دہشتگرد تنظیموں کو ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر سرگرم ہونے دینا عالمی امن کیلئے سنگین خطرہ، طلال چودھری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے واٹس ایپ سے مطالبہ کیا ہے وہ ٹی ٹی پی کے زیر استعمال نمبرز، گروپس کو فوری طور پر بلاک...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

یہ کہنا قبل از وقت ہے کہ شاہ محمود قریشی پارٹی کی قیادت سنبھالیں گے، سلمان اکرم راجہ

ہم لڑتے رہیں گے، ہم عدلیہ کی آزادی کے لیے بات کرتے رہیں گے، میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ یہ کہنا قبل از وقت ہے کہ شاہ محمود قریشی پارٹی کی قیادت سنبھالیں...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار کی سعودی وزیر فیصل فاضل سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

پاکستان اور سعودی عرب کا سرمایہ کاری اور تکنیکی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور سعودی عرب نے دونوں ممالک کے باہمی مفاد کے لیے سرمایہ کاری اور تکنیکی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی شہید میجر انور کاکڑ کے بچوں سے اظہار شفقت کر رہے ہیں

اسلام آباد، گاڑی سمیت بہہ جانیوالے باپ بیٹی کا سراغ نہ مل سکا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد کی نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں گاڑی سمیت بہہ جانے والے باپ بیٹی کا تاحال کوئی سراغ نہ مل سکا، ریسکیو ذرائع نے کہا اسلام آباد کی نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں زیر زمین برساتی...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

نوجوانوں کی مایوسی ختم کرنے کیلئے پالیسیاں تبدیل کرنا ہونگی، سیدہ نوشین افتخار، نوابزادہ جمال رئیسانی

تاثر دیا جا رہا تھا کہ بلوچستان میں دہشتگردی کی لہر ہے لوگ گھروں میں محصور ہیں یہاں زندگی معمول کے مطابق چل رہی ہے

نوجوانوں کے ہاتھ میں قلم اور کتاب دیکھنا چاہتے ہیں بندوق نہیں، بلوچستان کے نوجوانوں کے مسائل حل کریں گے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ینگ پارلیمنٹرین فورم پاکستان کی صدر سیدہ نوشین افتخار اور جنرل سیکرٹری نوابزادہ جمال رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان کے ہاتھ میں بندوق نہیں بلکہ قلم اور کتاب دیکھنا چاہتے ہیں اس لئے پالیسی میں تبدیلی ناگزیر ہے جس کیلئے نوجوانوں کو تعلیم سے فارغ ہونے کے لئے روزگار کا حصول ممکن بنانے کے لئے تمام صوبوں کا دورہ کر رہے ہیں اور ینگ پارلیمنٹرین پر مشتمل گروپس بنا کر نوجوانوں کے مسائل کے حل کو یقینی بنانے کے لئے ایک مثبت پالیسی بنانا چاہتے ہیں ریاست اور...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی وائی پی ایف کے وفد کو بلوچستان اسمبلی ہال کے بارے میں آگاہ کر رہے ہیں

مچھ، آب گم میں دستی بم حملہ، ایک جاں بحق 3 افراد زخمی

رات کے وقت نامعلوم افراد نے گھر کے باہر دستی بم حملہ کیا

حملہ آور رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے ضلع بولان کے علاقے مچھ کی آبادی "آب گم" میں رات کے وقت خوفناک دستی بم حملہ ہوا۔ پولیس کے مطابق نامعلوم حملہ آوروں نے...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافے کی تیاری

گیس سیکٹر میں گردشی قرضوں سے نمٹنے کیلئے پیٹرولیم لیوی میں اضافے پر غور شروع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافے کی تیاری شروع کر دی گئی، ذرائع کے مطابق گیس...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں جوڑے کا بہیمانہ قتل، سندھ اسمبلی میں مذمتی قرارداد جمع

غیرت کے نام پر اس طرح کے واقعات کی اجازت نہیں دی جا سکتی، قرارداد

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی خواتین اراکین نے سندھ اسمبلی میں بلوچستان میں جوڑے کے بہیمانہ قتل کے خلاف مذمتی قرارداد...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ فوری طور پر فلسطین کو ریاست تسلیم کرے، میئر لندن

لندن (م ڈ) میئر لندن صادق خان نے کہا ہے کہ برطانیہ فوری طور پر فلسطین کو ریاست تسلیم کرے۔ اپنے بیان میں میئر لندن صادق خان نے کہا کہ کوئی دو ریاستی حل نہیں ہو سکتا جب فلسطین کہنے کیلئے کوئی قابل عمل ریاست...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں قتل خاتون کے والدین کا بیان قرآن و سنت کے منافی قرار

والدین کا بیان ظاہر کرتا ہے قتل میں ان کی مرضی شامل تھی، ایکشن لیا جائے، پاکستان علماء کونسل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان علماء کونسل نے بلوچستان میں قتل ہونے والی خاتون کے والدین کی طرف سے آنے والے بیان کو قرآن و سنت اور پاکستان...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل بینک میں اربوں کے سکینڈل، پی اے سی اجلاس میں ہوشربا انکشافات

ایف آئی اے انکوائری کا سامنا کرنے والے یسکول پٹرولیم ملازمین کو ایک ارب کی ادائیگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پارلیمنٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کے اجلاس میں نیشنل بینک سے متعلق آڈٹ رپورٹس اور مالی بے ضابطگیوں کے...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی، اے این پی، جے یو آئی کا کے پی حکومت کی اے پی سی میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ

صوبائی حکومت اپنے دھرنوں اور مظاہروں سے فارغ ہو تو عوامی مسائل کی جانب توجہ دے، محمد علی شاہ باچا

بحیثیت ایک سیاسی جماعت تحریک انصاف اگر کل جماعتی کانفرنس بلاتی تو ضرور شرکت کرتے، میاں افتخار حسین

اسلام آباد، پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی، عوامی نیشنل پارٹی اور جمعیت علمائے اسلام (ف) نے خیبر پختونخوا حکومت کی آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی، عوامی نیشنل پارٹی اور جمعیت علمائے اسلام (ف) نے صوبائی حکومت کی آل پارٹیز کانفرنس...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ، فلسطینی خواتین امدادی کیمپ سے برتن لیے کھانا حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں

عمران خان کی رہائی کیلئے بیٹوں نے امریکہ میں رابطہ مہم شروع کر دی

سلیمان خان اور قاسم خان کی ٹرمپ کے خصوصی ایلچی رچرڈ گرینل سے ملاقات، والد کی قید پر توجہ دلائی

دنیا بھر میں لاکھوں لوگ سیاسی انتقام پر مبنی مقدمات سے تنگ آچکے، آپ اکیلے نہیں ہیں، ایلچی امریکی صدر

امریکا میں پی ٹی آئی کی حمایت حاصل کرنے کی مہم میں اہم کردار ڈاکٹر آصف محمود سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عمران خان کے بیٹوں کی ٹرمپ کے ایلچی سے ملاقات، رہائی کیلئے امریکا میں مہم شروع کر دی، تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی اور قید میں موجود سابق وزیراعظم عمران خان کے بیٹوں نے امریکا کے صدر...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی دہشتگردی، غزہ میں امداد لینے والے 1000 سے زائد فلسطینی شہید

اعداد و شمار قابل اعتماد ذرائع میڈیکل ٹیمز، انسانی حقوق کے اداروں سے حاصل کیے گئے، اقوام متحدہ

جنیوا (بیورو رپورٹ) اقوام متحدہ نے انکشاف کیا ہے اسرائیلی فوج نے غزہ میں خوراک حاصل کرنے کی کوشش کرنے والے 1,000 سے زائد فلسطینیوں کو...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ نے جاپان کیساتھ وسیع تجارتی معاہدے کا اعلان کر دیا

دیگر ممالک یکم اگست تک معاہدے پر نہیں پہنچتے تو جوابی محصولات عائد کرینگے

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جاپان کیساتھ وسیع تجارتی معاہدے کا اعلان کر دیا، خبر رساں ادارے اے پی کی رپورٹ کے مطابق امریکہ کے بڑے تجارتی خسارے کو کم کرنے کی کوشش میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دی اگر دیگر...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اور کے پی میں دہشتگرد دندناتے پھر رہے ہیں، حکومتی رٹ ختم ہو گئی، مولانا فضل الرحمان

26 ویں آئینی ترمیم کے 35 نکات سے حکومت کو دستبردار ہونے پر مجبور کیا، وعدے پر قائم نہیں رہتی تو عدالت جانا ہوگا

حکومت کو سنجیدگی سے اپنے وعدوں، آئینی ذمہ داریوں پر عمل کرنا ہوگا ورنہ قوم مزید تباہی کی طرف جائے گی، خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے ریاستی ناکامیوں پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا حکومت اگر وعدوں پر قائم نہ رہی تو...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

چینی کی درآمد کیلئے ٹیکسز 18 فیصد سے کم کر کے 0.2 فیصد کرنے کا انکشاف

کابینہ کی ہدایت پر 4 قسم کے ٹیکسز کم کیے گئے، بتایا جائے کس نے چینی برآمد کرنے کی اجازت دی، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

کیا چینی پیدا کرنے والے سرمایہ داروں کو تحفظ دینے کی اجازت بھی آئی ایم ایف سے لی، چیئرمین پی اے سی جنید اکبر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پارلیمنٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) میں چینی کی درآمد کیلئے ٹیکسز کو 18 فیصد سے کم کر کے 0.2 فیصد کرنے کا انکشاف ہوا ہے، پی اے سی نے شوگر ملز مالکان کی تفصیلات طلب...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی میں علیمہ خانم سے بڑا کوئی غدار نہیں، شیر افضل مروت

بانی علیمہ سے خود نہیں ملنا چاہتے، جیل حکام کو کہا ملاقات کی فہرست سے نکال دیں

علیمہ خانم نے بیرسٹر سیف کو بلوا کر کہا کہ سینیٹ امیدواروں کی فہرست کو تبدیل کریں

پشاور (بیورو رپورٹ) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی میں کوئی غدار ہے تو علیمہ خانم سے بڑا کوئی غدار نہیں، انہوں نے پارٹی کا شیرازہ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

دالبندین، مسلح افراد نے ایل پی جی سے بھری گاڑی کو آگ لگا دی

فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی

آگ لگنے سے بجلی کے تار متاثر، چاغی و دیگر علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی

دالبندین (آن لائن) کردوک پھاٹک کے مقام پر مسلح افراد نے کوئٹہ جانے والی ایل پی جی سے بھری گاڑی کو آگ لگا دی۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ پاک ایران...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

دل نہیں مانتا کہ ایک ماں بچوں کو چھوڑ کر بھاگ جائے، گل جان

ہم نے جو کچھ کیا وہ غیرت کے تحت اور بلوچی رسم و رواج کے مطابق کیا، والدہ

کوئٹہ، غیرت کے نام پر قتل مقتولہ بانو کی مبینہ والدہ کا ویڈیو بیان منظر عام پر آگیا

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے نواحی علاقے ڈیگاری میں غیرت کے نام پر قتل کی جانے والی خاتون بانو کی مبینہ والدہ گل جان کا ویڈیو بیان سامنے آ گیا ہے، جس میں انہوں نے قتل کو بلوچی رسم و رواج کے مطابق قرار دیتے ہوئے سرداروں اور معتبرین کی رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ویڈیو بیان میں گل جان کا کہنا تھا کہ ان کی بیٹی بانو کوئی کم سن لڑکی نہیں تھی بلکہ 5 بچوں کی ماں تھی۔ اس کے بچے نور احمد (18) سال، (واحد 14) سال، (فاطمہ 12) سال، (صدیقہ 9) سال...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوہستان میگا سکینڈل میں بڑی پیشرفت، اربوں کی ریکوری کا امکان

پشاور (بیورو رپورٹ) کوہستان میگا سکینڈل کے 9 ملزموں نے پلی بارگین کی درخواستیں دے دیں، نیب ذرائع کے مطابق کوہستان میگا سکینڈل میں 9 ملزم پلی بارگین کیلئے تیار ہیں، ملزموں کی درخواستیں چیئرمین...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

میاں اظہر سپرد خاک، نماز جنازہ میں مفرور بیٹے کی بھی شرکت

شہباز، نواز و دیگر سیاسی رہنماؤں کا انتقال پر اظہار افسوس اور اہلخانہ سے ہمدردی

لاہور (بیورو رپورٹ) سینئر سیاستدان اور سابق گورنر پنجاب میاں اظہر کو سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ میں مفرور بیٹے حماد اظہر نے بھی شرکت کی، مرحوم کی نماز جنازہ قذافی سٹیڈیم لاہور کے باہر ادا کی گئی، نماز جنازہ شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ پروفیسر مولانا...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

وندر اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے وندر اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے گزشتہ روز...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

بنوں، ایف سی چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام، 6 اہلکار زخمی

ایف سی اہلکاروں کے بروقت، مؤثر جوابی حملے نے دہشتگردوں کو فرار ہونے پر مجبور کر دیا

بنوں (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کے تحتی خیل علاقے میں فرنٹیئر کانسٹیبلری (ایف سی) نے چیک پوسٹ پر حملہ ناکام بناتے ہوئے دہشتگردوں کو فرار ہونے پر مجبور کر دیا، حملے میں ایف سی کے 6 اہلکار زخمی ہوگئے، بنوں پولیس کے ترجمان عامر...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

حمائمہ ملک نے فون کر کے اپنی غلطی تسلیم کی، مفتی طارق

اداکارہ نے اعتراف کیا کہ انہوں نے فلم میں غلط ڈائیلاگ بولا

کراچی (بیورو رپورٹ) مذہبی مبلغ مفتی طارق مسعود نے انکشاف کیا ہے کہ کچھ عرصہ قبل اداکارہ حمائمہ ملک نے انہیں فون کر کے 'بول' فلم میں بولے گئے ڈائیلاگ پر اپنی غلطی کا اعتراف کیا۔ مفتی طارق مسعود کی سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی مختصر ویڈیو میں انہوں نے بتایا کہ حمائمہ ملک نے 'بول'...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

شاہراہ بابوسر پر پھنسے تمام سیاح اور مسافر ریسکیو کر لیے گئے

گلگت (بیورو رپورٹ) ترجمان گلگت بلتستان حکومت فیض اللہ فراق نے کہا ہے کہ شاہراہ بابوسر پر پھنسے تمام سیاح اور مسافر ریسکیو کر لئے گئے، بارش اور سیلاب سے گلگت بلتستان میں بہت نقصان ہوا، 5 اموات ہوئیں...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

زیر التوا اپیل کی بنیاد پر عدالتی فیصلے پر عملدرآمد روکنا توہین کے مترادف ہے، سپریم کورٹ

کسی اپیل، نظرثانی یا آئینی درخواست کے زیر التوا ہونے کے سبب از خود چیلنج شدہ فیصلے پر عمل درآمد رک نہیں جاتا

ریمانڈ آرڈرز کو اختیاری سمجھنا غیر آئینی طرز عمل ہے، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کا 4 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کسی اپیل، نظرثانی یا آئینی درخواست کے زیر التوا ہونے کے سبب از خود چیلنج شدہ فیصلے پر عملدرآمد رک نہیں جاتا، زیر التوا اپیل کی بنیاد پر فیصلے پر عملدرآمد روکنا توہین کے مترادف ہے، چیف جسٹس...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

شہریوں کو معلومات فراہم نہ کرنے پر متعدد افسروں کو شوکاز نوٹس

وزارت کی طرف سے کوئی جواب موصول نہ ہوا تو معاملہ یکطرفہ نمٹا دینگے، پی آئی سی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی آئی سی نے متعدد وفاقی اداروں کے سینئر افسروں کو شہریوں کی جانب سے مانگی گئی عوامی معلومات فراہم نہ کرنے پر شوکاز نوٹس جاری کر دیئے، پاکستان انفارمیشن کمیشن نے متعدد وفاقی عوامی اداروں کے سینئر افسروں کو 2017 کے...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

انتظامیہ کی غفلت، بیوپاریوں نے ملز گرلز سکول کے سامنے بکرا منڈی قائم کر لی

سریاب روڈ پر کروڑوں روپے کی لاگت سے درخت پھول اور گراسی تو لگا دی گئی ہے مگر افسوس کہ اس کو سنبھالا نہیں جا رہا، محمد گل شاہوانی

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ خصوصی توجہ دیں اور غیر قانونی بکرا منڈی کو مشرقی بائی پاس بکرا منڈی منتقل کرائیں، مشرق سے بات چیت

کوئٹہ (نمائندہ مشرق) مال مویشی کے بیوپاریوں کے لیے مویشی منڈی مشرقی بائی پاس پر موجود ہونے کے باوجود کوئٹہ کی ضلعی انتظامیہ اور سریاب سب ڈویژن کی انتظامیہ کی غفلت اور عدم توجہی کی وجہ سے مال مویشی کے بیوپاریوں نے سریاب روڈ شہید نواب اکبر بگٹی گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سریاب ملز کے پاس بکرا منڈی قائم کر لی ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے جنرل سیکرٹری حاجی محمد گل شاہوانی نے مشرق سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ان کا مزید کہنا تھا کہ سریاب روڈ پر کروڑوں روپے کی لاگت سے درخت پھول اور گراسی تو لگا دی گئی ہے مگر افسوس کہ اس کو سنبھالا نہیں جا رہا جس کی زندہ مثال سریاب ملز چوک سے لیکر ہائی اسکول چوک تک صبح کے اوقات میں غیر قانونی بکرا منڈی قائم کر دی جاتی ہے جس میں موجود مال مویشی سریاب کی خوبصورتی کے لیے لگائے گئے درختوں پھولوں اور گراسی کو کھاتے رہتے ہیں جس کی وجہ سے کروڑوں روپے کی لاگت سے لگائے گئے درخت پھول اور گراسی تباہ ہو رہے ہیں اور ان سے کوئی پوچھنے والا بھی نہیں ہے اس لیے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور اسسٹنٹ کمشنر سریاب کو چاہیے کہ اس طرف خصوصی توجہ دیں اور غیر قانونی بکرا منڈی کو مشرقی بائی پاس بکرا منڈی منتقل کرائیں تاکہ کروڑوں روپے کی لاگت سے لگائے گئے پھول تباہی سے بچ سکیں سونے پہ سہاگا یہ کہ سریاب میں لگائے درختوں کو پانی دینے میں بھی کوتاہی برتی جا رہی ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا 16 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے خواتین شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

چمن شہر کی صفائی کے لیے ماسٹر پلان کو فعال کرنا احسن اقدام ہے، عوامی حلقے

شہریوں کی آمد و رفت کو آسان بنانے کے لیے گرین بس سروس بھی شروع کی جائے، تاجر رہنماؤں کا مطالبہ

پرانی بوسیدہ لوکل بسوں میں شہریوں کی عزت نفس مجروح ہونے کے ساتھ کرایہ بھی زیادہ وصول کیا جاتا ہے

کوئٹہ (پ ر) چمن شہر کی صفائی سمیت دیگر مسائل کے حل کے لیے ماسٹر پلان کو فعال کرنے پر، تجارتی اور سماجی حلقوں کی حکومت ضلعی انتظامیہ کی تعریف، اپنے جاری کردہ بیان میں عوامی نمائندوں اور سماجی و تاجر رہنماؤں نے کہا ہے کہ چمن شہر کی تجارتی اور علاقائی اہمیت کو سامنے رکھتے ہوئے چمن ماسٹر پلان کئی سال قبل بنایا گیا تھا مگر بدقسمتی سے اس پلان پر عمل طویل عرصہ سے زیر التوا تھا، اب جب حکومت کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ نے ماسٹر پلان پر عمل شروع کر دیا ہے تو ہم اسے صوبے کے قدیم اور انتہائی اہم شہر کے شہریوں کے لیے ایک بہترین تحفہ سمجھتے ہوئے اس کی تعریف کرتے ہیں، اور وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان سے اپیل کرتے ہیں کہ چمن کے شہریوں کی ٹرانسپورٹ سے متعلق مشکلات کو ختم کرنے کے لیے کوئٹہ، تربت میں کامیاب گرین بس سروس شروع کی جائے تاکہ چمن کے عوام اور تاجر پرانی بوسیدہ لوکل بسوں کے عذاب سے نجات حاصل کر سکیں۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرکاری اسکولوں پر قبضہ فوری ختم کرایا جائے، مہر اللہ بادینی

غیر اساتذہ سے 15 لاکھ 8 ہزار روپے کی کٹوتی کی گئی، ڈی سی کو بریفنگ

اساتذہ، تدریسی اور غیر تدریسی عملے کی حاضری کے حوالے سے رپورٹ پیش کی گئی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت ضلعی ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں گزشتہ ماہ (جون) کی تعلیمی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، تمام ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز، خزانہ آفیسر اور آر ٹی ایس ایم کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ریشنلائزیشن پلان پر تفصیلی غور کیا گیا۔ آر ٹی ایس ایم کی جانب سے اساتذہ، تدریسی اور غیر تدریسی عملے کی حاضری کے حوالے سے رپورٹ پیش کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق غیر حاضری پر سخت اقدامات کے تحت جون کے مہینے میں مجموعی طور پر 15 لاکھ 8 ہزار روپے کی تنخواہوں میں کٹوتی کی گئی۔ اجلاس میں نئی آسامیوں کے قیام، انٹرویوز کے انعقاد، کنٹریکٹ پر تعیناتی ملازمین کی تنخواہوں اور ایچ آر الاؤنس سے متعلق امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ان اسکولوں کا بھی جائزہ لیا گیا جن کی زمینوں پر قبضہ ہے یا جنہیں غیر متعلقہ افراد استعمال کر رہے ہیں۔

سرہ غڑگی، بائی پاس موضع کو 2006 سے زمین داران سے خریدا تھا، بلوچ خان اچکزئی

تمام خریداران کو ان کی زمینوں، جائیدادوں کے انتقالات/کھتونی جلد از جلد الاٹ کیے جائیں

کوئٹہ (پ ر) گورگ ایکشن کمیٹی ویالہ سرہ غڑگی کے رہنماؤں حاجی بلوچ خان اچکزئی، حاجی عبدالرحیم کاکڑ، حاجی غلام حیدر اچکزئی، عزیز اللہ پکتوی، عبدالسلام کاکڑ، حاجی عبدالحمید خلجی، حاجی خان اچکزئی، حاجی ابراہیم ملاخیل، حاجی غلام قادر سلیمان خیل، حاجی محمد عثمان اندڑ، حاجی صاحب خان ترہ کئی، سید مقصود آغا، حاجی حضرت اچکزئی، عبدالصمد اچکزئی، عبداللہ خان خلجی، قاری عبدالرشید، اور دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ اخباری میں کہا ہے کہ ہم خریداران موضع ویالہ، گورگ، سرہ غڑگی، بائی پاس موضع حدادہ کو 2006 سے زمین داران سرہ غڑگی سے خریدا ہوا ہے زمینداران نے بذریعہ اسٹام پیپر مختلف لوگوں اور اقوام پر اس قول وعدہ پر موضع ویالہ کو فروخت کیا ہے کہ انتقالات براہ راست خریدار کو الاٹ کیے جائیں گے اس بنا پر اب زمینداران کا موضع ویالہ سے کسی قسم کا کوئی تعلق باقی نہیں رہا ہے انہوں نے کہا کہ چونکہ اس موضع ویالہ کے سیٹلمنٹ کا کام مکمل ہو چکا ہے اس بنا پر اس آراضی پر آباد تمام خریداران کو ان کی زمینوں، جائیدادوں کے انتقالات/کھتونی جلد از جلد الاٹ کیے جائیں اس ضمن میں کسی کو اعتراض کا کوئی قانونی اصولی حق حاصل نہیں ہے بلکہ خریداران کو سیٹلمنٹ برائے راست کھتونی الاٹ کریگا پابند ہے انہوں نے کہا کہ موضع ویالہ سرہ غڑگی، بائی پاس (گورگ) زمین داران نے بارہ سال قبل اپنی خوشی و مرضی سے اس وقت کی رائج قیمتوں پر یہ زمینیں قطعی طور اس طرح فروخت کی ہیں کہ ہم زمین داران اپنی فروخت کردہ زمینوں کا اسٹام پیپرز دیں گے انتقالات سرکار سے لکھنوں گیا اب سرکار کی ذمہ داری بنتی ہے کہ اس مکمل آراضی کی سو فیصد آراضی کے مالکان کے نام کھتونی دیجائیں۔

کمیونٹی اسکولز ٹیچرز کا بی ای ایف کے ساتھ معاہدہ ختم کیا جائے، امین خان میانی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کمیونٹی اسکولز ٹیچرز ایسوی ایشن کا اپنے مطالبات کے حق میں پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ 29 ویں روز بھی جاری رہا جہاں مختلف ملازمین تنظیموں کے عہدیداروں نے آ کر کمیونٹی اساتذہ سے اظہار یکجہتی کیا۔ بلوچستان کمیونٹی اسکولز ٹیچرز ایسوی ایشن کے صوبائی صدر امین خان میانی نے کہا کہ ہمارا احتجاجی کیمپ اپنے جائز مطالبات حل ہونے تک جاری رہے گا ہمارے ٹیچروں کا براہ راست بی ای ایف کے ساتھ معاہدہ اور تھرڈ پارٹی کو ختم کیا جائے اگر بی ای ایف نے زبردستی کالا قانون نافذ کرنے کی کوشش کی تو صوبے بھر میں اسکولوں کی تالہ بندی اور ڈسٹرکٹ پریس کلبز کے سامنے احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے۔

بینکنگ سروسز کارپوریشن نے 10 ڈیڑھ لاکھ کاشتکاروں تک بینکنگ سہولیات پہنچائی ہیں

زرعی مالی خواندگی پروگرام میں عمدہ کارکردگی دکھانے والے بینکوں کو اعزازات سے نوازا گیا

اے ایف ایل پی نے ملک بھر میں سرگرمیوں کا دائرہ مزید وسیع کیا اور 6,326 آگاہی سیشن منعقد کیے

کوئٹہ (آن لائن) بینک دولت پاکستان کے ذیلی ادارے بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی-بی ایس سی) کے زیر اہتمام آج کراچی میں اسٹیٹ بینک کے مرکزی دفتر میں تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا، گیا جس میں زرعی مالی خواندگی پروگرام (اے ایف ایل پی) میں عمدہ کارکردگی دکھانے والے بینکوں کو اعزازات سے نوازا گیا۔ 2023 میں شروع ہونے والا زرعی مالی خواندگی پروگرام (اے ایف ایل پی) ایس بی پی-بی ایس سی کا اپنی طرز کا ایک منفرد اقدام ہے جسے اسٹیٹ بینک کے شعبہ زرعی قرضہ و مالی شمولیت کا تعاون حاصل ہے۔ پروگرام کا مقصد کسانوں، خاص طور پر بینک سے متعارف ہونے والے نئے کسانوں، خواتین، اور محروم طبقات میں مالی خواندگی بڑھانا ہے تاکہ وہ قرضوں کے باضابطہ نظام سے آگاہ ہوں اور قرضوں کے حصول سے متعلق بہتر فیصلے کر سکیں۔ اپنے دوسرے سال کے دوران، اے ایف ایل پی نے ملک بھر میں اپنی سرگرمیوں کا دائرہ مزید وسیع کیا اور 6,326 آگاہی سیشن منعقد کیے۔ ان سیشنز کے ذریعے 105,000 کسانوں کو بینکاری نظام سے منسلک کرنے میں مدد ملی، جن میں 10,740 خواتین کاشتکار بھی شامل تھیں۔

ٹیوں کی حفاظت کے لیے سیکیورٹی اقدامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، ڈی سی کوئٹہ

کوئٹہ (پ ر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت پنجپائی تحصیل کی سرحدی یونین کونسل میں جاری مہم کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مہم کی روزانہ کی بنیاد پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ٹیموں کی حفاظت کے لیے مؤثر سیکیورٹی اقدامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ مہم بلا تعطل جاری رکھی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ مہم کی کامیابی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

جہاز کے ٹکٹوں کے نرخوں میں اضافہ قابل مذمت ہے، عوامی نیشنل پارٹی

ٹکٹوں پر ٹیکسز کی شرح بڑھانے سے قیمت 70 ہزار تک بڑھانا عوام دشمنی ہے، ضلعی بیان

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ بلوچستان صوبے کے ضلع کوئٹہ کے طرف سے جہازوں کی ٹکٹوں میں اضافہ قابل افسوس ہے۔ عوامی نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ وفاقی حکومت اور بالخصوص صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ کوئٹہ میں جہازوں کی ٹکٹوں پر ٹیکسز کی شرح میں دیگر شہروں کی نسبت اضافہ 60 ہزار تک بڑھانے سے 70 ہزار تک بڑھانا ناقابل برداشت اور قابل مذمت گردانتے ہوئے کہا کہ بجائے اس کے کہ ہم اپنے شہریوں کو پرامن اور اس کی حق ولا کر آسانی دے بلکہ ہم الٹا سختیاں پیدا کرتے ہیں کراچی، لاہور اور دیگر شہروں کی قیمتوں اور کوئٹہ کے ٹکٹوں کی قیمتیں ایک نہیں دو دستور پر عمل پیرا ثابت ہو رہا ہے اس کے ساتھ ساتھ کوئٹہ سے کراچی اور کوئٹہ سے دیگر شہروں کی راستے میں بدامنی اور ٹریفک کے مسائل کو بھی جلد از جلد حل کیا جائے اور اپنے شہریوں کو پرامن زندگی جینے کی حق دیا جائے ملک اور نظام چلانے والوں کو متنبہ کرتے ہیں کہ اگر حالات ایسے رہے تو عوامی نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کسی بھی حد تک جانے کی طاقت رکھتی ہے

وفاقی محتسب کے احکامات پر درخواست گزار کو والدہ کا پاسپورٹ ملا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے احکامات پر درخواست گزار کو ان کی والدہ کا پاسپورٹ فراہم کر دیا گیا۔ درخواست گزار نے بتایا کہ والدہ کے پاسپورٹ کے سلسلے میں وہ پاسپورٹ آفس کے کئی بار چکر لگا چکے۔ لیکن پاسپورٹ آفس والوں نے ان کی ایک نہ سنی۔ ان کی تاخیر اور عدم توجہی سے پاسپورٹ مزید التوا کا شکار ہوتا گیا۔ آخر کار انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔

فن خطاطی اور اسلامی آرٹ کے فروغ میں ہر ممکن تعاون کیا جائے گا، سیکرٹری ثقافت

سیکرٹری سمیت دیگر کی آمد سے، فن خطاطی سے وابستہ افراد میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے، کیلی گرافرز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آن لائن) کیلی گرافرز ایسوسی ایشن آف بلوچستان کے پریس ریلیز کے مطابق گزشتہ روز سیکرٹری کلچر و ٹورازم بلوچستان جناب سہیل الرحمن بلوچ، ڈائریکٹر داوترین، ڈپٹی ڈائریکٹر خدائے رحیم، ڈائریکٹر ٹورازم محمد ہاشم، ڈائریکٹر آرٹس یو جمیل بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر عبدالباری شاہ اور پرسنل سیکرٹری انجم نے ادارہ کیلی گرافرز ایسوسی ایشن آف بلوچستان کا دورہ کیا۔ مہمانان گرامی کی آمد سے ادارے کو ایک نئی روح ملی، اور فن خطاطی سے وابستہ افراد میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ ادارے کی جانب سے تمام مہمانوں کو پرتپاک خیر مقدم پیش کیا گیا، جب کہ سیکرٹری کلچر و ٹورازم سہیل الرحمن بلوچ کو یادگاری تحفہ بھی پیش کیا گیا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں سیکرٹری نے ادارے کی خدمات کو بھرپور سراہا اور اعلان کیا کہ حکومت فن خطاطی اور اسلامی آرٹ کے فروغ میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا فن خطاطی ہمارا عظیم اسلامی ورثہ ہے۔

سیکرٹری کیو ڈی اے عبدالناصر کاکڑ کی سربراہی میں زرغون ہاؤسنگ سکیم اور بس ٹرمینل ہزار گنجی کے کمرشل پلاٹوں کی نیلامی کی جا رہی ہے

بی ایف اے کی قلعہ سیف اللہ، مسلم باغ میں کارروائیاں 9 دکانداروں کو جرمانے

دودھ فروشوں کو وضع کردہ ایس او پیز کے مطابق بہتری کے لیے سخت تنبیہ جاری کی گئی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے قلعہ سیف اللہ، مسلم باغ اور کوئٹہ کے نواحی علاقوں میں ملاوٹی اور غیر صحت بخش دودھ کی فروخت کے خلاف فیصلہ کن کریک ڈاؤن کرتے ہوئے متعدد دودھ فروشوں اور ملک شاپس کے خلاف سخت کارروائی کی ہے۔ قلعہ سیف اللہ، مسلم باغ اور ملحقہ نیشنل ہائی وے پر قائم دودھ کی دکانوں اور دودھ بردار گاڑیوں کی بی ایف اے زونل ایپکشن ٹیم نے دو دن تک مسلسل چیکنگ کی، اس دوران موقع پر دودھ کے نمونے لے کر فوری ٹیسٹ کیے گئے جن میں 9 دکانوں کے دودھ میں پانی اور خشک پاؤڈر کی ملاوٹ ثابت ہوئی۔

مریضوں کو مزید بہتر سہولیات کی فراہمی میں کوتاہی کی گنجائش نہیں ہے، ایم ایس بی ایم سی

ڈاکٹر نادر محمود بلوچ، ڈاکٹر سلمان اشرف، ڈاکٹر قادر بخش بلوچ، نرسنگ سپرنٹنڈنٹ ہمراہ تھے

کوئٹہ (آئی این پی) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ بلوچستان میڈیکل کمپلیکس (BMC) اسپتال کوئٹہ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے اسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ راؤنڈ ٹیم میں ڈاکٹر نادر محمود بلوچ، ڈاکٹر سلمان اشرف، ڈاکٹر قادر بخش بلوچ، نرسنگ سپرنٹنڈنٹ عنایت اللہ، الیکٹریکل میڈیکل انجینئر جناب بشیر جمال تنگی، پرسنل سیکرٹری جناب خالد اسلم بلوچ اور دیگر افسران شامل تھے۔ دورے کے دوران ایم ایس نے کارڈیک، ہیماٹالوجی سینٹر، یورالوجی، آئی (آنکھوں)، پیڈز (بچوں)، نیورو سرجری، گائنی اور دیگر او پی ڈیز و شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ملازمین کی حاضری، صفائی کی صورتحال اور سیکیورٹی نظام کا جائزہ لیا۔ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے متعلقہ عملے کو صفائی، نظم و ضبط اور مریضوں کو مزید بہتر سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔

کوئٹہ: پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما محسن سوراب نوابزادہ میر نعمت اللہ زہری سے حبیب اللہ خان موسیٰ خیل مستوئی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

ورکرز جمعیت نظریاتی کا پیغام گھر گھر تک پہنچائیں، ولی خان غوریزئی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے ضلعی کنوینر ولی خان غوریزئی اور ڈپٹی کنوینر مولانا نظر خان خوستی نے ضلعی دفتر میں رکنیت سازی کے افتتاحی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام ساتھی نے عزم کیساتھ رکنیت سازی میں بھرپور کردار ادا کریں۔ تمام ورکرز جمعیت نظریاتی کا پیغام گھر گھر تک پہنچائیں۔ اور نظریاتی کیساتھ وفا کا ثبوت دیں۔ ضلعی کنوینر نے کہا کہ الحمداللہ آج ہمارے مخالف جماعت کے علماء کرام جمعیت نظریاتی کے پاک دامنی اور کارکردگی سے اتنے مطمئن ہے کہ وہ اکر کہتے ہیں کہ مجھے رکنیت سازی کی کاپی دی جائے تاکہ اس پاک تنظیم کی رکنیت فارم ہم بھی کاٹ لیں۔ جو کہ میں نے دیکھا بھی ہے جو کہ ہمارے قائدین کے اور نظریاتی ورکرز کے اخلاص اور پاک دامنی کا ثبوت ہے۔ جس پہ ہم فخر کرتے ہیں اور اللہ پاک کا شکر ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے ساتھیوں پر زور دیتے ہوئے کہا کہ رکنیت سازی کے مہم کو مزید تیز کیا جائے۔ اور اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر دین دوستی کا ثبوت دیں۔ اس پروقار تقریب کے موقع پر شیخ فضل قادر کو اشوت یونین کونسل کا کنوینر اور حاجی محمد شاہ مردانزئی کو یونین منزکی کا کنوینر مقرر کیا گیا۔ باقی حلقوں کے بھی جلد از جلد کنوینرز کا انتخاب کر کے بھرپور رکنیت سازی کریں گے۔

سوشل میڈیا پر جعلی ڈگریوں اور ضلعی تعلیمی آفیسر کی گرفتاری کی خبر بے بنیاد ہے، محکمہ سکولز

کوئٹہ (پ ر) محکمہ تعلیم کی جانب سے سوشل میڈیا پر جعلی ڈگریوں اور ضلعی تعلیمی آفیسر کوئٹہ کی گرفتاری کے حوالے سے چلنے والی بے بنیاد اور جھوٹی خبر کی تردید کی گئی ہے۔ مزید برآں متعلقہ حکام کی جانب سے اس جھوٹی خبر کی تحقیقات کے لئے متعلقہ اداروں سے رابطہ کیا جائے گا اور جھوٹا پروپیگنڈہ پھیلانے والے عناصر کیخلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

جامعہ بلوچستان گزشتہ پانچ سال سے مسلسل مالی بحران کا شکار ہے، نذیر احمد لہڑی

کوئٹہ (این این آئی) ایڈمنسٹریٹو آفیسرز اسٹاف ایسوسی ایشن کے چیئرمین نذیر احمد لہڑی جنرل سیکرٹری نعمت اللہ کاکڑ اور کابینہ و ایگزیکٹیو کے ممبران نے ایک مشترکہ بیان میں یونیورسٹی آف بلوچستان کے مالی مشکلات کو انتہائی افسوس ناک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یونیورسٹی آف بلوچستان صوبے کا سب سے بڑا تعلیمی ادارہ ہے اور اس ادارے کی خدمات سے پورا بلوچستان مستفید ہوتا آ رہا ہے یہ ادارہ بلوچستان کے تمام سرکاری شعبوں کو انسانی وسائل فراہم کرتا ہے اور اس ادارے کی بدولت آج بلوچستان کے اندر مقامی افراد مختلف شعبہ جات میں اپنے خدمات سر انجام دے رہے ہیں لیکن افسوس کی بات ہے کہ یہ ادارہ گزشتہ پانچ سال سے مسلسل مالی بحران کا شکار ہے۔ اور صوبائی حکومت اس بحران کے حل کیلئے سنجیدہ نظر نہیں آ رہا ہے۔ اس بابت یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر نے اپنے خدشات اور مالی مشکلات سے صوبائی حکومت کو تحریری طور پر آگاہ کیا ہے ہم وائس چانسلر کے اس اقدام کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان پوری طور پر ایک خصوصی مالی پیکج کا اعلان کریں تاکہ یونیورسٹی آف بلوچستان کے مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔ اور یونیورسٹی کے ضروریات پوری ہو سکے۔ یونیورسٹی کا بنیادی مقصد علم و تحقیق سے روشناس کرانا ہے اور اس کے لئے فنڈز کی ضرورت ہوتی ہیں تاکہ یونیورسٹی کے اسٹاف کی بروقت تنخواہیں اور مختلف شعبوں میں موجود لائبریری لیبارٹری اور ریسرچ کے لیے بھی وقت فنڈز موجود ہو تو یونیورسٹی ترقی کی راہ پر گامزن ہوگی۔

جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کی نئی رکنیت سازی مہم کا آغاز

تاجر رہنماؤں سید عبدالمجید عبدالمالک بڑیچ محمد اسد خان سید معیز اللہ و دیگر رکنیت کے فارم پر کیے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کی نئی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں جمعیت نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے منگل کے روز شہر کوئٹہ میں حاجی عبدالغفور کاکڑ، عبدالغفور شمشوزئی، سید ظہور آغا عیدا بگلیل عاشیر احمد کے ہمراہ مختلف تاجر رہنماؤں سید عبدالمجید عبدالمالک بڑیچ محمد اسد خان سید معیز اللہ و دیگر کو جمعیت نظریاتی کی دعوت دی جنہوں نے قبول کرتے ہوئے جمعیت نظریاتی کے رکنیت فارم بھر لیا اور باقاعدہ رکنیت سازی مہم کا آغاز بھی کیا اور دیگر تاجروں سے ملاقاتیں کیے انہوں نے کہا کہ رکنیت سازی مہم ہر پانچ سال بعد ہوتی ہیں اور عوام کے اظہار محبت و کرم میں امید جمعیت نظریاتی کا ایک تاریخ ساز رکنیت سازی ہوگی کیونکہ اب دیگر جماعتوں سے مایوس ہو گیا اور جمعیت نظریاتی انکا امید وں اعتماد و اعد کرن ہے۔

بچوں کا محفوظ مستقبل والدین کی رہنمائی سے ممکن ہے، ڈاکٹر بشیر

والدین بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کریں، باشعور معاشرے کی بنیاد رکھیں، خطاب

کوئٹہ (پ ر) بچوں کی تعلیم ایک مقدس فریضہ ہے اور والدین کی اولین ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں اور بچیوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کریں تاکہ وہ معاشرے کے مفید اور باشعور شہری بن سکیں۔ یہ بات نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے ممتاز ماہر صحت ڈاکٹر بشیر احمد نے ایک آگاہی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی جو والدین کی رہنمائی کے لیے منعقد کیا گیا تھا۔ تعلیم بچوں کا بنیادی حق ہے جسے کوئی نظر انداز نہیں کر سکتا۔ والدین پر لازم ہے کہ وہ اپنے بچوں کو نہ صرف اسکول بھیجیں بلکہ ان کی تعلیمی سرگرمیوں پر مسلسل نظر رکھیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آنے والا دور انہی بچوں کا ہے، جو کل کو قوم و ملت کی باگ ڈور سنبھالیں گے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر بچوں کو تعلیم سے دور رکھا گیا یا ان کی تعلیم کو اہمیت نہ دی گئی تو وہ آسانی سے جرائم پیشہ عناصر، منفی سرگرمیوں اور نشہ آور اشیاء کی طرف راغب ہو سکتے ہیں۔ ایسی صورت میں نہ صرف ان کا مستقبل تباہ ہوگا بلکہ خاندان، معاشرہ اور ملک بھی شدید نقصان سے دوچار ہو سکتا ہے۔ ڈاکٹر بشیر احمد نے کہا کہ منشیات کا استعمال صرف انفرادی نقصان نہیں بلکہ اجتماعی بربادی کا سبب بنتا ہے۔ تعلیم ہی وہ ہتھیار ہے جو نوجوان نسل کو ایسی برائیوں سے محفوظ رکھ سکتا ہے۔ تعلیم یافتہ نوجوان ہی ملکی ترقی، معاشرتی استحکام اور تہذیبی بقا کے ضامن ہوتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ موجودہ دور میں تعلیم کو ترجیحی بنیادوں پر لینا وقت کی ضرورت ہے۔

سوئی سدرن گیس کمپنی تینوں زونز کے اجلاس میں کارکردگی رپورٹ پیش

کوئٹہ (اے پی پی) سوئی سدرن گیس کمپنی سمنگلی زون کے انچارج حاجی نصیر احمد لہڑی کی زیر صدارت 3 زونز کا مشترکہ کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں سمنگلی زون، سٹی زون اور کینٹ زون کے انسپکٹرز کی جانب سے اپنی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی۔ اجلاس میں بہترین ماحول میں ہوا۔ اجلاس میں کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کے مسائل کو مد نظر رکھتے ہوئے ان کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، سوئی سدرن گیس کمپنی اپنے صارفین کو بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔ ایس ایس جی سی کوئٹہ سمنگلی زون کے انچارج حاجی نصیر لہڑی نے کہا ہے کہ قدرتی گیس ایک ناگزیر فیول ہے۔ یہ بنیادی توانائی کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ پاکستان کو اس بات پر بھی فخر ہے ایس ایس جی سی بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں کام کر رہی ہیں۔ آیئے ہم

وفاقی محتسب کے حکم پر خاتون کی بے نظیر انکم سپورٹ قسط کوئٹہ قلعہ سیف اللہ سے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے احکامات پر درخواست گزار خاتون کی بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی سہ ماہی قسط کو قلعہ سیف اللہ سے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔ درخواست گزار خاتون محترمہ بی بی جانانے بتایا کہ وہ ایک غریب خاندان سے تعلق رکھتی ہیں اور قلعہ سیف اللہ سے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی سہ ماہی قسط کی رقم حاصل کر رہی ہیں۔ لیکن ان کا مستقل پتہ کوئٹہ ہے، اس لیے انہوں نے گزارش کی کہ ان کا وظیفہ کوئٹہ میں فراہم کیا جائے کیونکہ وہ قلعہ سیف اللہ جانے سے قاصر ہیں۔ وہ اس حوالے سے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر میں درخواست بھی جمع کروائی لیکن کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ لہٰذا انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ تاہم، متعلقہ

فیڈرل بورڈ کی انکوائری کیلئے جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، نجی سکولز فیڈریشن

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن کے صدر کاشف مرزا، نذر بڑیچ، حضرت علی کوثر، سلیم ناصر نے مطالبہ کیا انکوائری کمیٹی میں نمائندگی: "وفاق کا مطالبہ ہے کہ شفافیت اور احتساب کو یقینی بنانے کے لیے نجی تعلیمی اداروں کو انکوائری کمیٹی میں نمائندگی دی جائے۔ جوڈیشل کمیشن: "متبادل کے طور پر، فیڈریشن تجویز کرتی ہے کہ انکوائری کرنے کیلئے ایک عدالتی کمیشن بنایا جائے، جو منصفانہ اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کو یقینی بنائے۔ بورڈ آفیشلز کے خلاف تحقیقات: فیڈریشن بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے چیئرمین، سیکرٹری، کنٹرولر، اور دیگر عہدیداروں کے اثاثوں اور جائیدادوں کی مکمل تحقیقات کا مطالبہ کرتی ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ بدعنوانی کو بے نقاب کیا جا سکے۔ شفافیت اور احتساب: "وفاق انکوائری کے عمل میں شفافیت اور جوابدہی کی ضرورت پر زور دیتا ہے، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو نتائج پر اعتماد ہو۔ فیڈریشن کے رہنماؤں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ موجودہ انکوائری کمیٹی پرائیویٹ سیکٹر کی نمائندگی نہ ہونے کی وجہ سے سمجھوتہ ہو سکتی ہے۔ انہیں خدشہ ہے کہ کمیٹی کے نتائج تعصبات سے متاثر ہو سکتے ہیں اور حقیقی مجرموں کو احتساب سے بچایا جا سکتا ہے۔ کاشف مرزا صدر آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن نے بلوچستان صوبائی حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ ان خدشات کو دور کرنے کیلئے جوڈیشل کمیشن تشکیل دے کر فوری ایکشن لیں اور منصفانہ اور شفاف انکوائری کو یقینی بنائیں۔

کوئٹہ: عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما پارلیمانی لیڈر زمرک خان اچکزئی محب اللہ اچکزئی اصغر باچا خان حاجی ابراہیم سلمان کاکڑ گزشتہ روز بم دھماکے میں شہید میجر محمد انور کاکڑ کی فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کیلئے، بھرتیوں کا عمل مکمل کیا جائے، رحیم کاکڑ

اشتہارات تو دیے گئے، مگر ہر بار کسی نامعلوم وجہ سے بھرتی کا عمل منسوخ کر دیا گیا، سابق منیر

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنماؤں و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر واکس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، توقیر بھٹی، ضیا الحق، نعمت اللہ، سردار بہلول، سردار احمد، بشیر احمد اور نعیم جمال نے ایک مشترکہ بیان میں پشین ڈویژن کے چاروں اضلاع میں محکمہ مال، لائیو اسٹاک، جنگلات، صحت اور تعلیم میں بھرتیوں کے عمل میں بار بار رکاوٹ ڈالنے پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ ضلعی اور تحصیل سطح پر جونیئر کلرک اور پٹواری سمیت دیگر پوسٹوں پر بھرتیوں کے اشتہارات تو دیے گئے، مگر ہر بار کسی نامعلوم وجہ سے بھرتی کا عمل منسوخ کر دیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسا تاثر پایا جاتا ہے کہ چونکہ ان اضلاع میں پشتون نوجوانوں کی اکثریت ہے، اس لیے حکومت دانستہ طور پر انہیں روزگار سے محروم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ اور چیف سیکرٹری کو اس رویے کا نوٹس لینا چاہیے اور بھرتی کے عمل کو شفاف انداز میں مکمل کر کے حق دار نوجوانوں کو ان کا حق دیا جائے۔ تحریک انصاف نے نئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن جہانزیب کاکڑ کو ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ وہ ان بھرتیوں کے عمل میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کریں اور نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار فراہم کیا جائے۔

وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے احتجاجی کیمپ کو 5888 دن مکمل ہو گئے

جبری لاپتہ رکھنا اور انہیں منظر عام پر نہ لانا ماورائے آئین اقدام ہے، نصر اللہ بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں جبری گمشدگیوں کیخلاف وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے قائم احتجاجی کیمپ تنظیم کے ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن نیاز بگٹی کی قیادت میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے 5888 واں روز جاری رہا۔ وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصر اللہ بلوچ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ ماہ جبین کو ملکی اداروں کے اہلکاروں نے رواں سال 29 مئی کو سول ہسپتال کے نرسنگ ہاسٹل سے حراست میں لینے کے بعد نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا، بلوچ طالبہ کی جبری گمشدگی کو آج 54 دن مکمل ہو گئے، نہ اب تک اسے کسی عدالت میں پیش کیا گیا ہے اور نہ ہی انکے خاندان کو انکے حوالے سے معلومات فراہم کیا جا رہا ہے انہوں نے ماہ جبین کی طویل جبری گمشدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملکی اداروں کا بلوچ طالبہ کو جبری لاپتہ رکھنا اور اسے منظر عام پر نہیں لانا ایک ماورائے آئین اقدام اور شہریوں کی بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔

کول مائنز ورکرز ہیلتھ اینڈ سیفٹی کی سہولیات سے محروم ہیں، پیر محمد کاکڑ

کول مائنز ورکرز یونین شاہرگ کے نو منتخب عہدیداروں نے حلف اٹھا

پی یو ڈبلیو ایف بلوچستان کے جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ نے عہدیداروں سے حلف لیا

کوئٹہ (پ ر) کول مائنز ورکرز یونین شاہرگ کے زیر اہتمام نو منتخب عہدیداروں کی تقریب حلف برداری کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان کے جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ نو منتخب عہدیداروں سے حلف لیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پی یو ڈبلیو ایف بلوچستان کے جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ کول مائنز ورکرز یونین شاہرگ کے نو منتخب صدر ہارون رشید، چیئرمین سید حکیم، پی یو ڈبلیو ایف بلوچستان کے رہنماؤں اللہ بخش کرد، محمد زمان، نعمت اللہ، عدالت خان، ایم ڈی سی یونین شاہرگ کے رہنماؤں محمد رفیق خوشحال خان اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کول مائنز کے مزدور انتہائی خطرناک اور مشکل حالات میں ہزاروں فٹ زیر زمین کام کرتے ہیں، لیکن بدقسمتی سے ہیلتھ اینڈ سیفٹی کی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ نہ صاف پانی ہے، نہ مناسب رہائش، نہ فرسٹ ایڈ اور نہ ہی حادثات کی صورت میں ایمبولینس کا بندوبست اور نہ ہی بنیادی لازمی ٹریننگ کے لئے کوئی طریقہ کار موجود ہیں ورکرز کی ای او بی آئی اور دیگر ویلفیئر اداروں میں رجسٹریشن نہ ہونے کے برابر ہیں ان بنیادی چیزوں کے فقدان کی وجہ سے آئے روز حادثات ہوتے ہیں جس میں قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوتے ہیں۔

پاکستان بار کونسل کے ایگزیکٹو کمیٹی کے چیئرمین یاسین آزاد کے ہمراہ سلیم اختر، راجہ جواد، ملک منیر سکندر، عدنان ایڈووکیٹ و دیگر کا گروپ فوٹو

جماعت اسلامی کے لانگ مارچ کی تیاریاں عروج پر ہیں، زاہد اختر بلوچ

25 جولائی کو کوئٹہ سے اسلام آباد کی طرف پرامن لانگ مارچ کا آغاز کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان زاہد اختر بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی کے عزم و استقلال کا قافلہ کوئٹہ تا اسلام آباد لانگ مارچ زیر قیادت مولانا ہدایت الرحمن بلوچ امیر جماعت اسلامی بلوچستان کی تیاریاں عروج پر ہیں۔ بلوچستان کے بارڈرز بندش، لاتعلق لوگوں کو غائب کرنے کے ظلم و جبر، مہنگائی، کرپشن اور ادارہ جاتی ناانصافی کے خلاف جماعت اسلامی بلوچستان 25 جولائی کو کوئٹہ سے اسلام آباد کی طرف ایک پرامن مگر پرعزم لانگ مارچ کا آغاز کر رہی ہے۔ مسلم باغ قلعہ سیف اللہ لورالائی سمیت پنجاب کے تمام بڑے شہروں میں لانگ مارچ کا بھرپور استقبال ہوگا حکمران لانگ مارچ کا راستہ روکنے کی کوشش نہ کریں۔ ان خیالات کا اظہار لانگ مارچ تیاریوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

معیار تعلیم کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اہم مشن ہے، پروفیسر ڈاکٹر گل حسن

اجلاس میں اعلیٰ تعلیم کو مزید بہتر اور موثر بنانے سے متعلق اہم تجاویز اور اقدامات کا جائزہ لیا گیا

تربت (خ ن) تربت یونیورسٹی میں تعلیمی معیار کو مزید موثر اور عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے تربت یونیورسٹی کوالٹی سرکل کا چوتھا اجلاس یونیورسٹی آف تربت میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی زیر صدارت یونیورسٹی آف تربت کوالٹی سرکل (UTQC) کا چوتھا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اعلیٰ تعلیم کے معیار کو مزید بہتر اور موثر بنانے سے متعلق اہم تجاویز اور اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور ان کی منظوری دی گئی۔ ان میں ادارہ جاتی کارکردگی کے جائزے (2022-23RIPE) پر مبنی عملدرآمد رپورٹ، سال 25-2024 کے لیے RIPE کی جائزہ رپورٹ اور اس پر عملدرآمد کی حکمت عملی شامل تھیں۔ اجلاس نے اس پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا کہ تربت یونیورسٹی کی جانب سے معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے کیے گئے اقدامات کے باعث اسے ہائر ایجوکیشن کمیشن کی ایل آئی آر کیٹگری میں شامل کیا گیا جو ایک بڑی کامیابی ہے۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے معیاری تعلیم کو یقینی بنانے میں کوالٹی انہانسمنٹ سیل (QEC) اور RIPE جائزہ پینل کی کوششوں کو سراہا اور انہیں ادارہ جاتی ترقی میں کلیدی کردار کا حامل قرار دیا۔



جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع و دیگر ایم پی اے اصغر ترین کے چچازاد و کزن کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بلوچستان کے فنکاروں کی امداد پر سیکرٹری کلچر کو خراج تحسین

ریاض ساگر نے فنکاروں کی مدد پر سہیل الرحمان بلوچ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (پ ر) ریڈیو تھیٹر کے سینئر فنکار، ہدایتکار، مصنف اور محکمہ ثقافت میں نمائندہ تھیٹر ریاض ساگر نے سیکرٹری کلچر سہیل الرحمان بلوچ، و کمیٹی ممبران آفتاب جبل، بہرام بلوچ، عارف بنی محمد ابراہیم علی حسن سلیم بلوچ، اور جی ایم پی ٹی وی فہیم شاہ کا بیمار و لاچار فنکاروں کی مالی معاونت خصوصاً سینئر تھیٹر آرٹسٹ ایم ابراہیم تبسم، اسد اللہ اسد، کامران ایوبی، مرحوم مرتضیٰ انجم، مرحومہ زیبا بلوچ اور دیگر بیمار فنکاروں کی حوصلہ افزائی پر کوئٹہ اسٹیج کے تمام فنکاروں کی جانب سے شکریہ ادا کرتے ہوئے انکی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا اور ساتھ میں سیکرٹری کلچر سہیل الرحمان بلوچ کی پوری ٹیم بالخصوص ڈائریکٹر کلچر داوترین، ڈپٹی ڈائریکٹر کلچر اصغر علی بلوچ، رحیم اللہ، اور نوفل برن خدائے رحیم بلوچ کے بے لوث خدمات کو سراہا اور آخر میں اپنے بیان میں کہا کہ بلوچستان کے کلچر اور فنکاروں کو سہیل الرحمان بلوچ جیسے سیکرٹری کی ضرورت تھی جو خدا نے مسیحا بنا کر بھیج دیا دعا ہے بلوچستان کے فنکاروں پر آپ کا سایہ ہمیشہ قائم رہے

انتقال پر ملال

حاجی عبدالکبیر نورزئی انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) حاجی عبدالکبیر نورزئی انتقال کر گئے۔ وہ حافظ محمد صدیق نورزئی، محمد عمر نورزئی، عثمان خان نورزئی کے والد مرحوم حاجی عبدالعلیم نورزئی کے کزن۔ حاجی عبداللہ نورزئی، محمد رمضان نورزئی۔ اور فیض اللہ نورزئی کے چچا تھے۔ مرحوم کو کلی کاکوئی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ فاتحہ خوانی ان کی رہائش گاہ مشرقی بائی پاس کلی صالح آباد جامعہ مسجد زکریا میں ہو رہی ہے۔

حاجی عبدالقیوم خان ملیزئی اچکزئی وفات پا گئے



قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) حاجی عبدالقیوم خان ملیزئی اچکزئی وفات پا گئے وہ ملیزئی قوم کے سربراہ خان امان اللہ خان اچکزئی کے بڑے بھائی اور بابائے پشتون خان سہیل خان کے بڑے پوتے، سردار حاجی نعیم خان، عصمت اللہ خان مشتاق اللہ خان، حاجی عبدالہادی خان، سعد اللہ خان، سیف اللہ خان، شمس اللہ خان، مرحوم حاجی عبدالرازق خان، مرحوم حاجی عبدالخالق خان کے بھائی بابائے ملیزئی خان غنی خان کے بیٹے تھے۔ بابائے پشتون سابق وفاقی وزیر خان حاجی سہیل خان کے پوتے تھے مرحوم کو ہزاروں سوگواروں کے موجودگی میں کلی سہیل خان آباد چمن میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم کے وفات پر فاتحہ خوانی کا سلسلہ خان ہاؤس کلی سہیل خان آباد چمن میں جاری ہے

الخدمت ہسپتال بروری روڈ کے ایڈمنسٹریٹر ہارون رشید کی والدہ انتقال کر گئی

کوئٹہ (آن لائن) الخدمت ہسپتال بروری روڈ کے ایڈمنسٹریٹر ہارون رشید کی والدہ انتقال کر گئی، تدفین آبائی علاقے پشاور میں ہوگی واپسی پر ایک دن کیلئے کوئٹہ میں فاتحہ لیا جائیگا۔ جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمان الخدمت و جماعت اسلامی کے ذمہ داران نے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت درجات کی بلندی پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

مولوی نعمت اللہ کے چچا شمس اللہ بڑیچ انتقال کر گئے، فاتحہ خوانی کلی سملی میں جاری ہے

کوئٹہ (اے این این) بانی جامعہ امداد العلوم ملتوجک کوئٹہ شیخ الحدیث حضرت مولانا حافظ عبداللہ صاحب بڑیچ رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا حافظ محمد صادق فیض اللہ بڑیچ امان اللہ بڑیچ نصر اللہ بڑیچ مولوی ولی اللہ کا بھائی اور مولوی نعمت اللہ کے چچا شمس اللہ بڑیچ انتقال کر گئے نماز جنازہ ساڑھے دس بجے بروز بدھ 23 جون کلی سملی میں ادا کیا گیا فاتحہ خوانی کلی سملی میں ہے

محمد رضوان بزدار کی فاتحہ خوانی آج سنڈل روڈ مسجد اقصیٰ میں ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) محمد رضوان بزدار کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی آج بروز جمعرات 24 جولائی کو سنڈل روڈ بھٹی گلی ونڈر برید فیکٹری کیساتھ مسجد اقصیٰ میں ہوگی، مرحوم محمد نواز دوستانی کے صاحبزادے، محمد عرفان اور محمد عمران کے بھائی، شیر محمد کے بہنوئی، اے جی آفس کے محمد غیور، ضیا الاسلام کے چچازاد بھائی، ایس ڈی او موسیٰ خیل احمد نواز بزدار، ماسٹر اللہ نواز، گل نواز، حق نواز، رب نواز، کے بھتیجے، ڈاکٹر غلام نبی ساجد، آئی جی جیل خانہ جات کے محمد قاسم، ملک سیف اللہ، جیو نیوز کے ارشد بزدار کے کزن تھے

عبدالستار قریشی مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے مرکزی لیبر ونگ اور ایم کیو ایم بلوچستان کوئٹہ زون کے سابق سیکرٹری فنانس عبدالستار قریشی مختصر علالت کے بعد باقضاء الٰہی سے انتقال کر گئے ہیں۔ ایم کیو ایم بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی کے صوبائی صدر عمران کاکڑ، جنرل سیکرٹری سلیم اختر ایڈووکیٹ، سینئر نائب صدر میر شمس مینگل، میر امداد حسین مری، نائب صدر ملک طاہر شاہوانی، نور اللہ سالاٹی، ڈاکٹر سعید احمد بوریوال، عبدالستار بھائی، انتظار حسین، حاجی نصیر احمد کھوسہ تمام ذمہ داران و کارکنان نے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے انکے اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں جگہ اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائیں۔

اشتہار برائے عدم شناخت نعش نامعلوم الاسم

گزارش ہے کہ مورخہ 06-07-2025 کو پولیس تھانہ کچی بیگ کوئٹہ کے حدود جائے وقوعہ قمرانی روڈ بالمقابل وقار ہوٹل کوئٹہ پر نامعلوم الاسم شخص کو قتل کیا گیا جس کو بذریعہ گرائم سین کوئٹہ کو متعلقہ تھانہ کچی بیگ کو قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مقدمہ فرد نمبر 145/25 بجرم 302ت پ پولیس تھانہ کچی بیگ میں درج رجسٹرڈ ہوا اور مقدمہ ہذا میں SI/SCIW لیاقت علی کے SCIW کوئٹہ میں زیر تفتیش ہے جبکہ نعش کو مردہ خانہ سول ہسپتال میں بطور امانت رکھوایا گیا ہے۔ جس کی ورثاء کی تلاش تاحال جاری ہے۔ لہٰذا بذریعہ مراسلہ ہذا تحریر ہے کہ نعش کے ورثہ کے بابت اشتہار جاری کیا جائے تاکہ مقدمہ ہذا میں مزید پیش رفت ہو سکے۔ مراسلہ ہذا امر بہت ہو کر بغرض کارروائی ارسال خدمت ہے۔

PSP سپرنٹنڈنٹ آف پولیس انوسٹیگیشن SCIW کوئٹہ

PRQ No 244/23-07-2025

اشتہار برائے عدم شناخت نعش نامعلوم الاسم

گزارش ہے کہ مورخہ 11-07-2025 کو ملزم / ملزمان نامعلوم الاسم کی فائرنگ سے جائے وقوعہ بروری روڈ بالمقابل BMC ہسپتال کوئٹہ پر کسی نامعلوم الاسم شخص کو قتل کیا جس پر مقدمہ فرد نمبر 236/25 بجرم 302ت پ پولیس تھانہ بروری روڈ کوئٹہ میں برخلاف نامعلوم الاسم درج رجسٹرڈ ہو کر SCIW میں تفتیش جاری ہے دوران تفتیش مقتول کی نعش کی فوٹو گرافی کر کے رنگین تصاویر تیار کی گئی اور مقتول نامعلوم الاسم شخص کی نعش برائے شناخت امانتاً سول ہسپتال سرد خانہ میں رکھی گئی جس کی تاحال شناخت نہ ہو سکی۔ جس کی اخبارات میں اشاعت ضروری ہے۔ لہٰذا بذریعہ رپورٹ استدعا ہے کہ اندریں بارہ ڈائریکٹر تعلقات عامہ کو مراسلہ تحریر فرمایا جائے کہ کوئٹہ کی جملہ اخبارات میں نامعلوم الاسم نعش کی تصاویر کی اشاعت کی جائے تاکہ ورثاء کی تلاش میں مدد مل سکے۔ 12-07-2025

PSP سپرنٹنڈنٹ آف پولیس انوسٹیگیشن SCIW کوئٹہ

PRQ No 243/23-07-2025

داخلے جاری ہیں

گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن میں بی ایڈ آنرز ڈیڑھ سالہ 1.5 کال سیشن 2025-26 کے داخلے جاری ہیں جس میں بلوچستان کے تمام اضلاع کے طلباء / طالبات داخلہ لینے کے اہل ہونگے۔ **داخلہ لینے کی شرائط:** (1) تعلیمی قابلیت کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے ایم اے / ایم ایس سی یا بی ایس پاس کیا ہو۔ **داخلے لینے کیلئے ضروری کاغذات:** میٹرک سے لیکر ایم اے / ایم ایس سی اور بی ایس کے تمام کاغذات کی تین تین کاپیاں لوکل / ڈومیسائل CNIC کی تین تین کاپیاں بمعہ تین عدد تصاویر لازمی ہیں۔ (1) درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 04 اگست 2025ء (2) داخلہ ٹیسٹ کی تاریخ 05 اگست 2025ء (3) کلاسز کا اجراء 10 اگست 2025ء

یونیورسٹی آف بلوچستان سے الحاق شدہ فون نمبر 0812440389 موبائل نمبر 03480270738

پرنسپل گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن سٹیلائٹ ٹاؤن بلاک 5 چالو باوڑی روڈ کوئٹہ

PRQ No 242/23-07-2025

منسوخی آسامیاں

بحوالہ اشتہار نمبر AB No 972/21-04-2025 کے تحت مختلف اخباروں میں خالی آسامیوں کا اشتہار شائع ہوا تھا جن کے ٹیسٹ و انٹرویو مورخہ 15 مئی 2025ء کو ہوئے تھے مذکورہ آسامیاں چند نا گزیر وجوہات کی بنا پر منسوخ کی جاتی ہے۔

چیئرمین میونسپل کارپوریشن چمن

AB No 89/23-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

نیپال کیساتھ ثقافتی و تجارتی تعلقات کو مزید فروغ دیا جائیگا، چیئرمین سینیٹ

پاکستان نیپال کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، جو مشترکہ تاریخ، ثقافتی رشتوں اور باہمی احترام پر مبنی ہیں

اعلیٰ سطحی پارلیمانی و سفارتی روابط دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو گہرا کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، سید یوسف رضا گیلانی

پاکستان نے نیپالی افواج کے لیے 101 تربیتی نشستیں مفت فراہم کیں، جن میں سے 31 پر عملدرآمد کیا جا چکا ہے، نو تعینات سفیر سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان نیپال کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، جو مشترکہ تاریخ، ثقافتی رشتوں اور باہمی احترام پر مبنی ہیں۔ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے سید یوسف رضا گیلانی نے زور دیا کہ اعلیٰ سطحی پارلیمانی و سفارتی روابط دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو گہرا کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اور ایسے روابط کے تسلسل میں اضافے کی اشد ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے یہ بات نیپال کی پاکستان میں نو تعینات سفیر ریتا دھتال سے اسلام آباد میں ملاقات کے دوران کہی۔ انہوں نے سفیر کو ان کی تعیناتی پر دلی مبارکباد دی اور پاکستان میں ان کی سفارتی ذمہ داریوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران چیئرمین سینیٹ نے اس امر پر زور دیا کہ موجودہ دوطرفہ تجارتی حجم دونوں ممالک کے درمیان موجود حقیقی استعداد اور خیر سگالی کا عکاس نہیں۔ مالی سال 2024-25 میں دوطرفہ تجارت کا حجم صرف 6.47 ملین امریکی ڈالر رہا۔ انہوں نے دفاعی شعبے میں بڑھتے ہوئے تعاون پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے نیپالی افواج کے لیے 101 تربیتی نشستیں مفت فراہم کیں، جن میں سے 31 پر عملدرآمد کیا جا چکا ہے۔ تعلیمی تعاون کے فروغ کے حوالے سے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان ٹیکنیکل اسسٹنس پروگرام (PTAP) کے تحت ہر سال نیپالی طلبہ کو 25 وظائف فراہم کرتا ہے اور یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ مذہبی سیاحت کے شعبے پر روشنی ڈالتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے پاکستان اور نیپال کے درمیان مشترکہ بدھ مت ورثے کا ذکر کیا۔ انہوں نے ٹیکسلا اور سوات کے تاریخی روابط کو مذہبی سیاحت کے عملی مواقع میں بدلنے کی ضرورت پر زور دیا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے نیپالی شہریوں کو پاکستان میں مذہبی سیاحت کے لیے مدعو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں مذہبی سیاحت سے وہ مستفید ہو سکتے ہیں۔

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی ڈی پی ایف کے وفد کو بلوچستان اسمبلی دورے کے موقع پر شیلڈ پیش کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے بلوچستان ماسٹرز اور زایسوسی ایشن کا نمائندہ وفد ملاقات کر رہا ہے

دکی، معراج کول ایریا میں پھنسے کانکنوں میں سے ایک کی لاش برآمد

دکی (یو این اے) معراج کول ایریا میں پیش آنے والے حادثے میں پھنسے چار کانکنوں میں سے ایک کانکن کی لاش نکال لی گئی۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق جاں بحق کانکن کی شناخت نصب اللہ ولد حاجی عرف حاجی شمس اللہ سکنہ موسیٰ خیل کے نام سے ہوئی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز ایک کانکن کو زندہ نکال لیا گیا تھا جبکہ دیگر کانکنوں کی تلاش کا عمل جاری ہے۔ ریسکیو ٹیمیں اب بھی موقع پر موجود ہیں اور باقی مزدوروں کی بازیابی کی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔

سریاب میں 17 گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے، نور احمد محمد حسنی

وفاقی وزیر توانائی مسائل کے حل کیلئے بلوچستان کا دورہ کریں، عثمان رند

لائٹ کا نہ ہونے کی وجہ سے بچوں کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے، میر احمد رودینی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی رہنما نور احمد محمد حسنی، میر محمد عثمان رند میر احمد رودینی، قاضی عبدالفتاح دہوار نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ وفاقی وزیر انرجی کو بلوچستان کا دورہ کرنا چاہئے اور بلوچستان کو لاوارث صوبہ سمجھ کر اس سے نفرت نہ کی جائے۔ کہ کوئٹہ و سریاب کے علاقہ کی سردار کاریز کی ولداد کاریز اور کلی باریزئی اور اردگرد کے علاقوں میں 17 گھنٹے لوڈشیڈنگ روزانہ کے بنیاد پر ہوتی ہیں۔ اور 17 گھنٹے لوڈشیڈنگ کے ساتھ ساتھ بھی کبھی 48 یا 72 گھنٹوں کیلئے ایک فیس نہیں ہوتی ہے جس سے اہلیان علاقہ بہت سے مسائل صاف پانی پینے کیلئے، ڈونگی کا چلانا، باورچی خانوں میں لائٹ کا نہ ہونے کی وجہ سے بچوں کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے کبھی 48 یا 72 گھنٹوں کیلئے ایک فیس کاٹ لی جاتی ہے۔ اور اس کارروائی میں انرجی SDO اور XEN سریاب ڈویژن براہ راست شامل ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ ان آفیسران کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے۔ اور یہ سب کچھ وفاقی وزیر انرجی کے بلوچستان کی دورہ نہ کرنے کی مرہون منت ہے۔ اور ہمیشہ وفاق بلوچستان کو پسماندگی کی طرف دھکیلنے کی کوشش کی ہے۔ اور اس کی طرف توجہ نہیں دی جاتی ہے۔

یونیورسٹی آف بلوچستان کی مالی مشکلات کا مستقل حل نکالا جائے، نذیر احمد لہڑی

جامعہ بلوچستان صوبے کا سب سے بڑا تعلیمی ادارہ اس کی خدمات سے پورا صوبہ مستفید ہوتا آرہا ہے، نعمت اللہ کاکڑ

وزیراعلیٰ فوری طور پر خصوصی مالی پیکج کا اعلان کریں تاکہ یونیورسٹی آف بلوچستان کے مشکلات کا ازالہ ہو، کابینہ اراکین

کوئٹہ (پ ر) ایڈمنسٹریٹو آفیسرز اسٹاف ایسوسی ایشن کے چیئرمین نذیر احمد لہڑی جنرل سیکرٹری نعمت اللہ کاکڑ اور کابینہ و ایگزیکٹو کے ممبران نے ایک مشترکہ بیان میں یونیورسٹی آف بلوچستان کے مالی مشکلات کو انتہائی افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یونیورسٹی آف بلوچستان صوبے کا سب سے بڑا تعلیمی ادارہ ہے اور اس ادارے کی خدمات سے پورا بلوچستان مستفید ہوتا آرہا ہے یہ ادارہ بلوچستان کے تمام سرکاری شعبوں کو انسانی وسائل فراہم کرتا ہے اور اس ادارے کی بدولت آج بلوچستان کے اندر مقامی افراد مختلف شعبہ جات میں اپنے خدمات سرانجام دے رہے ہیں لیکن افسوس کی بات ہے کہ یہ ادارہ گزشتہ پانچ سال سے مسلسل مالی بحران کا شکار ہے اور صوبائی حکومت اس بحران کے حل کیلئے سنجیدہ نظر نہیں آرہا ہے۔ اس بابت یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر نے اپنے خدمات اور مالی مشکلات سے صوبائی حکومت کو تحریری طور پر آگاہ کیا ہے ہم وائس چانسلر کے اس اقدام کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان پوری طور پر ایک خصوصی مالی پیکج کا اعلان کریں تاکہ یونیورسٹی آف بلوچستان کے مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔ اور یونیورسٹی کی ضروریات پوری ہو سکے۔ یونیورسٹی کا بنیادی مقصد علم و تحقیق سے روشناس کرانا ہے اور اس کے لئے فنڈز کی ضرورت ہوتی ہیں تاکہ یونیورسٹی کے اسٹاف کو بروقت تنخواہیں اور مختلف شعبوں میں موجود لائبریری لیبارٹری اور ریسرچ کے لیے بہمہ وقت فنڈز موجود ہو تو یونیورسٹی ترقی کی راہ پر گامزن ہوگی۔ اس کے علاوہ صوبائی حکومت جو یکساں پے سکیل پالیسی کے نام پر جو کٹوتیاں کرنے جا رہا ہے اس کو ہم کسی صورت قبول نہیں کریں گے

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا 16ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

6 پولیس اہلکاروں کے قاتل کی پولیس موبائل کے ساتھ ویڈیو وائرل

ایس ایچ او سمیت 4 اہلکار معطل، مقدمہ درج، ریمانڈ پر جیل منتقل کر دیا گیا

جیکب آباد (آئی این پی) جیکب آباد میں 6 پولیس اہلکاروں کے قتل میں ملوث ڈاکو کی پولیس موبائل کے ساتھ ٹک ٹوک بنانے کی ویڈیو وائرل، ایس ایس پی کا نوٹس، ایس ایچ او سمیت 4 اہلکاروں معطل، مقدمہ درج اور گرفتار، عدالت میں پیش، ریمانڈ پر جیل منتقل۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں بلوچستان کے 6 پولیس اہلکاروں کے قتل سمیت 30 سے زائد سنگین مقدمات میں مطلوب 30 لاکھ انعام یافتہ بدنام زمانہ ڈاکو صلاح گلوانی جکھرانی نے گزشتہ روز تھانہ بقا پور کی پولیس موبائل کے ساتھ ٹک ٹاک بنا کر سوشل میڈیا پر وائرل کر دی بدنام زمانہ ڈاکو کی پولیس موبائل کے ساتھ ٹک ٹاک ویڈیو بنانے کا ایس ایس پی جیکب آباد محمد کلیم ملک نے نوٹس لیتے ہوئے تھانہ بقا پور کے ایس ایچ او محمد خان بروہی، ہیڈ محرر پیر بخش کھرانی، ڈرائیور شیر دل بنگلانی اور کانسٹیبل اصغر نائچ کو معطل کر کے ان کے خلاف مقدمہ درج کرنے کے احکامات جاری کئے، ایس ایس پی کے احکامات کے بعد پولیس نے سرکاری مدعیت میں مقدمہ درج کر کے مذکورہ اہلکاروں کو گرفتار کر لیا

عوامی سہولیات کی فراہمی کو ترجیح دی جائے گی، تحقیق حیات

تربت (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر دشت تحقیق حیات سے چیئرمین محراب بلوچ اور علاقائی رہنما کہدہ سائیل ذکری کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی، جس میں تحصیل دشت کو درپیش اہم عوامی و انتظامی مسائل پر گفتگو کی گئی وفد نے مقامی سطح پر لوکل ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے شفاف اجراء اور نادرا آفس کی بحالی کا مطالبہ کیا تاکہ عوام کو شناختی دستاویزات کے حصول میں درپیش مشکلات ختم ہوں۔ ساتھ ہی جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل پر بھی زور دیا گیا اسسٹنٹ کمشنر دشت نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ تمام مسائل ضلعی انتظامیہ کے نوٹس میں لا کر حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں گے، اور عوامی سہولیات کی فراہمی کو ترجیح دی جائے

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل اولین ترجیح، بشیر احمد

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ نے بدھ کے روز تربت شہر اور گردونواح میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر تربت سٹی ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے انجینئر قاسم بگٹی اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی ان کے ہمراہ تھے ڈپٹی کمشنر نے سینما چوک اور دشتی بازار کے علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر اور سیوریج لائن کی اسکیموں کا معائنہ کیا، جہاں انجینئر قاسم بگٹی نے انہیں منصوبوں کی موجودہ پیش رفت پر بریفنگ دی اور درپیش تکنیکی و انتظامی مسائل سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے موقع پر ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل اولین ترجیح ہونی چاہیے

زمینداروں کو سولر منصوبے کی رقم فوری ادا کی جائے، زمیندار ایکشن کمیٹی

بلوچستان کے زمیندار سولر کی رقم میں تاخیر سے پریشان، کیسکو کے ظلم سے چھٹکارا چاہتے ہیں، ملک نصیر شاہوانی

کوئٹہ (یو این اے) زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین ملک نصیر احمد شاہوانی کی قیادت میں ایک وفد نے کوئٹہ میں مختلف بینکوں کے صوبائی سربراہان سے ملاقات کی۔ وفد میں سید صدیق اللہ آغا، عبید محمد ایڈووکیٹ، حق نواز لانگو اور دیگر شامل تھے۔ وفد نے نیشنل بینک، الائیڈ بینک، حبیب بینک، میزان بینک، بینک الحبیب، حبیب میٹرو بینک اور فیصل بینک کے حکام کو آگاہ کیا کہ حکومت کی جانب سے زرعی ٹیوب ویلز کو سولر توانائی پر منتقل کرنے کے منصوبے کے چوتھے مرحلے کی رقم جاری کر دی گئی ہے، جو بینکوں کو بھی بھیج دی گئی ہے۔ ملک نصیر احمد شاہوانی نے مطالبہ کیا کہ بینک جلد از جلد زمینداروں کو ادائیگی کا عمل مکمل کریں تاکہ وہ سولر سسٹم نصب کر کے اپنی زرعی سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے زمیندار پہلے ہی کیسکو کی من مانیوں اور ظلم کا شکار ہیں، اور سولر منصوبے کی رقم میں تاخیر نے انہیں مزید پریشان کر رکھا ہے

حکومتی سکیورٹی پلان ناقابل عمل اور روزگار کش ہے، میر دولت لہڑی

پنجاب، خیبر پختونخوا روٹ پر کوچز بند کرنے کی سازش برداشت نہیں کریں گے، وحید خان کاکڑ

امن کیلئے اربوں کے بجٹ اور ہزاروں اہلکار مگر سکیورٹی نظر نہیں آتی، ظاہر شاہ کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) پنجاب اور خیبر پختونخوا کے درمیان چلنے والی مسافر کوچز کے مالکان نے حکومتی سکیورٹی پلان کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہوئے شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ منصوبہ عملی طور پر ناممکن، معاشی طور پر تباہ کن اور ٹرانسپورٹ کے شعبے کو ختم کرنے کے مترادف ہے۔ پنجاب، خیبر پختونخوا بس یونین کے صدر میر دولت خان لہڑی، چیئرمین وحید خان کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ، جنرل سیکرٹری وزیر خان، نائب صدر اقبال سرگرہ، عبدالمتین کاکڑ اور دیگر رہنماؤں نے ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں کہا کہ حکومت کوچ مالکان پر ایسے اقدامات مسلط کر رہی ہے جو زمینی حقائق سے مکمل طور پر کٹے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا۔ یہ کس طرح ممکن ہے کہ ہر مسافر کوچ میں دو مسلح گارڈ، سی سی ٹی وی کیمرے، پینک بٹن اور دیگر مہنگے انتظامات کیے جائیں، جبکہ حملہ آور درجنوں کی تعداد میں اور جدید ہتھیاروں سے لیس ہوتے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

این ایل سی میں مقامی نوجوانوں کو تعینات کیا جائے، حبیب اللہ اچکزئی

چمن کے بے روزگار نوجوانوں کو نظر انداز کر دیا گیا جو باعث افسوس ہے، شکور نورزئی

پاک افغان بارڈر پر پاسپورٹ سسٹم کے نفاذ نے کاروبار اور رونقیں ماند کر دیں، حیات اللہ

چمن (پ ر) مرکزی انجمن تاجران و دکانداران کے ضلعی چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی صدر حاجی شکور نورزئی حیات اللہ کاکڑ وال حاجی لطیف خان اچکزئی رحمت اللہ نورزئی حاجی لالئی نورزئی حاجی گل اچکزئی حاجی عبدالہادی اچکزئی پرنس صالح اچکزئی نقیب خان نصیب اللہ پہلوان حاجی علاؤالدین سرور خان و دیگر اراکین کابینہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ این ایل سی چمن میں جاری نان لوکل بھرتیوں کا عمل مقامی تعلیم یافتہ اور باصلاحیت نوجوانوں کے ساتھ شدید ناانصافی کے مترادف ہے افسوسناک امر ہے کہ چمن کے بے روزگار نوجوانوں کو نظر انداز کرتے ہوئے دیگر صوبوں سے افراد کو بغیر کسی اشتہار یا شفاف طریقہ کار کے بھرتی کیا جا رہا ہے، جو کہ یہاں کے عوام کے لیے باعث تشویش اور قابل مذمت ہے این ایل سی جیسے قومی ادارے میں بھرتی کا پہلا حق مقامی افراد کا ہونا چاہیے، تاکہ چمن کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم ہوں

مجلس قائمہ برائے محکمہ صحت عامہ کا اجلاس آج ہوگا، دو مسودہ قوانین زیر غور آئیں گے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کی مجلس قائمہ برائے محکمہ صحت عامہ کا اجلاس بروز جمعرات 24 جولائی 2025 کو سہ پہر 3 بجے اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں طلب کر لیا گیا ہے۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین مجلس ڈاکٹر محمد نواز کبزئی کریں گے۔ اجلاس میں جن اہم مسودہ قوانین پر غور کیا جائے گا، ان میں شامل ہیں: شیخ محمد بن زاید النہیان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کوئٹہ سے متعلق مسودہ قانون) نمبر 25، مصدرہ (2025 بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف نیفرو یورولوجی کا ترمیمی مسودہ قانون) نمبر 26، مصدرہ (2025) اجلاس میں رکن مجلس ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی، صمد خان گورگیج، عبید اللہ، میر غلام دستگیر بادینی، میر اسداللہ بلوچ، محترمہ شاہدہ رؤف، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور متعلقہ محکمہ جات کے متعلقین شریک ہوں گے۔ اجلاس میں ان مسودات پر تفصیلی غور کے بعد مجلس کی حتمی سفارشات مرتب کی جائیں گی۔ تمام اراکین کو وقت پر شرکت کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق وائس چانسلر انجینئر احمد فاروق بازئی ملاقات کر رہے ہیں

مسافروں اور عملے کی جان و مال کا تحفظ ہمارا اولین قومی فریضہ ہے، حنیف عباسی

دیانت، محنت اور قومی جذبے کے ساتھ فرائض کی ادائیگی وقت کی اہم ضرورت ہے

بغیر ٹکٹ سفر کرنے اور کرانے والے دونوں جیل جائیں گے: وفاقی وزیر ریلوے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی زیر صدارت پاکستان ریلوے کا اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ریلوے کے مستقبل کے اہداف، مون سون سیزن کے دوران حفاظتی حکمت عملی، صفائی مہم، اور بغیر ٹکٹ سفر کے خلاف سخت اقدامات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ محمد حنیف عباسی نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا: "پاکستان ریلویز میں دیانت، محنت اور قومی جذبے کے ساتھ فرائض کی ادائیگی وقت کی اہم ضرورت ہے۔" "پاکستان ریلوے کو ایک جدید، فعال اور عوام دوست ادارہ بنانے کے لیے مربوط اور نتیجہ خیز کوششیں ناگزیر ہیں۔" وفاقی وزیر نے مون سون کے خطرات کے پیش نظر تمام ڈویژنز کو فوری ہدایات جاری کیں کہ ریلوے پلوں، پٹریوں اور دیگر انفراسٹرکچر کا بروقت اور باقاعدہ معائنہ کیا جائے تاکہ کسی ممکنہ حادثے سے بچاؤ ممکن ہو۔ "کسی بھی ممکنہ حادثات سے بچاؤ کے لیے پیشگی حفاظتی اقدامات یقینی بنائے جائیں

بلوچستان کو پسماندگی سے نکال کر ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرینگے، بخت کاکڑ

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ترقیاتی کاموں کا آغاز بڑی تیزی سے ہو چکا ہے جن کے اثرات سامنے آرہے ہیں

ڈاکٹر مسیحا بن کر عوام کی صحیح معنوں میں رہنمائی کریں اگر کسی نے کوتاہی تو کسی صورت معاف نہیں کرینگے صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں عوام کے تحفظات اور مایوسی اپنی جگہ ہے لیکن موجودہ حکومت ان مایوسی کے خاتمے اور عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے سنجیدگی کے ساتھ کوششوں میں مصروف ہے اس وقت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ترقیاتی کاموں کا آغاز بڑی تیزی سے شروع ہو چکا ہے جن کے اثرات آنا بھی شروع ہو چکے ہیں ہم چاہتے ہیں کہ بلوچستان خوشحال اور عوام کو اپنی دہلیز پر وسائل فراہم ہو یہ بات انہوں نے اپنے علاقے کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت میں پہلے لوگ یہاں کی بجائے کراچی سندھ اور دیگر علاقوں میں علاج و معالجے کے لیے جا رہے تھے لیکن آج اللہ کے فضل سے وہی لوگ چاہئے سرمایہ دار ہو یا غریب یہاں سرکاری ہسپتالوں میں جدید مشینری اور آئی اسپیشلسٹ ڈاکٹروں کی نگرانی میں اپنا علاج کرایا جا رہا ہے پہلے پرائیویٹ ہسپتالوں کو بھی لوگ زیادہ توجہ دیتے تھے اور ڈاکٹرز سرکاری ہسپتالوں کی بجائے پرائیویٹ ہسپتالوں میں بیٹھ کر ڈیوٹی دیتے تھے لیکن آج وہ سسٹم اگر سو فیصد کی نہیں آئی لیکن پچاس فیصد ضرور آئی ہے اور عوام اس وقت سرکاری ہسپتالوں کی طرف رخ کر رہے ہیں اور سرکاری ہسپتالوں میں جو ہسپتال کا سربراہ ہے وہ عوام کی دیکھ بھال کے لیے خود نگرانی کرتے ہیں بلکہ اسی طرح بحیثیت صوبائی وزیر نے اچانک سرکاری ہسپتالوں کا دورہ بھی کر رہا ہوں جن کا اصل مقصد وہاں پر ڈاکٹروں کو ڈیوٹی پر حاضر ادویات کی فراہمی و دیگر حوالے سے چیزیں چیک کرتا ہوں کوتاہی کرنے پر اکثر ڈاکٹروں کو موقع پر ہی معطل کر دیتے ہیں اور آج ایک بار پھر میڈیا کے ذریعے ان ڈاکٹروں کو پیغام دیتا ہوں کہ وہ مسیحا بن کر عوام کی صحیح معنوں میں رہنمائی کریں اگر کسی نے کوتاہی تو کسی صورت معاف نہیں کرینگے بلکہ اس کے خلاف ضرور کارروائی کریں گے۔

آن لائن ویمن پولیس اسٹیشن "خواتین کے مسائل کے حل کے لئے کوشاں

خواتین کیلئے ہیلپ لائن 1815 - مختص، خواتین بلاجھجک اپنے مسائل کا فوری حل کروا سکتی ہیں

ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن کے قیام کا مقصد صنفی بنیاد پر جرائم اور دیگر متاثرین کی ہر ممکن مدد کرنا ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آن لائن ویمن پولیس اسٹیشن خواتین اور بچوں پر تشدد، گھریلو ظلم و جبر اور معاشرے کے کمزور طبقات کے تحفظ کو یقینی بنا رہا ہے، اس پولیس اسٹیشن میں میں خواتین کیلئے "ہیلپ لائن 1815"- مختص کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کے ویژن اور ذاتی دلچسپی جبکہ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے خواتین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کے لئے "آن لائن ویمن پولیس اسٹیشن" قائم کیا جو مکمل طور پر فعال ہونے کے ساتھ خواتین اور بچوں پر تشدد، گھریلو ظلم و جبر اور معاشرے کے کمزور طبقات کے تحفظ کو یقینی بنا رہا ہے، انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ آن لائن ویمن پولیس سٹیشن میں خواتین کیلئے ہیلپ لائن 1815 - مختص کی گئی ہے جہاں خواتین بلاجھجک کال کر کے اپنے مسائل کا فوری حل کروا سکتی ہیں

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی یونیسف کے ایجوکیشن سپورٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت اسکولوں کے پرنسپلز میں چیک تقسیم کر رہے ہیں

بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ فوری طور پر بند کی جائے، کاشف حیدری

لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، شہر بھر میں کاروبار زندگی مفلوج ہے

گاہک نہ ہونے کے برابر رہ گئے ہیں، تاجر ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے ہیں، صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صوبائی ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ شدید گرمی میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، شہر بھر میں کاروبار زندگی مفلوج ہو چکا ہے اور دکاندار روزانہ لاکھوں روپے کے نقصان سے دوچار ہیں۔ عوام اور تاجروں کو سڑکوں پر آنے پر مجبور نہ کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ کاشف حیدری نے کہا کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں روزانہ کئی گھنٹے بجلی بند رہتی ہے، جس کا نہ کوئی شیڈول جاری کیا جاتا ہے اور نہ ہی پیشگی اطلاع دی جاتی ہے۔ گرمی کی شدت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے مگر حکومتی سطح پر مکمل خاموشی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بازاروں میں پنکھے اور کولر بند پڑے ہیں، گاہک نہ ہونے کے برابر رہ گئے ہیں، تاجر ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے ہیں جبکہ دکانوں کا کرایہ، ملازمین کی تنخواہیں اور دیگر اخراجات تاجروں کے لیے ناقابل برداشت ہوتے جا رہے ہیں۔ کاشف حیدری نے سوال اٹھایا کہ کیا حکومت واقعی یہ چاہتی ہے کہ تاجر شدید مالی نقصان اور عوام جسمانی اذیت برداشت کرتے رہیں؟ انہوں نے کہا کہ بجلی کی عدم فراہمی نہ صرف کاروباری ماحول کو متاثر کر رہی ہے بلکہ شہریوں کی روزمرہ زندگی بھی مفلوج ہو چکی ہے۔

رکھنی تا بیکڑ شاہراہ منصوبے کے مالی اور تکنیکی مسائل ہنگامی بنیادوں پر حل کیے جائیں، سیکرٹری مواصلات

منصوبے کے مکمل ہونے سے اس شاہراہ سے منسلک جتنے بھی علاقے ہیں ان کی معاشی سرگرمیوں میں مثبت تبدیلیاں رونما ہونگی

تمام ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے ان منصوبوں کی تکمیل سے صوبے میں ترقی اور خوشحالی کا ایک نیا دور شروع ہوگا، لعل جان جعفر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر نے کہا ہے کہ رکھنی تا بیکڑ شاہراہ منصوبہ سے متعلق مالی اور تکنیکی مسائل کو ہنگامی بنیادوں پر حل کیا جائے تاکہ منصوبہ اپنے تکمیل کی جانب تیزی سے گامزن ہو ان خیالات کا اظہار صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے رکھنی تا بیکڑ روڈ منصوبہ پر پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کے موقع پر کیا اجلاس میں پروجیکٹ کنسلٹنٹ کے علاوہ چیف انجینئر روڈز زبی زون محمد بشیر چیف انجینئر روڈز کوئٹہ زون عبدالرحیم ہنگورزئی چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ کے علاوہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کے دیگر حکام بھی موجود تھے اجلاس کو رکھنی تا بیکڑ شاہراہ کے فیز ون اور فیز ٹو منصوبہ پر پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی اس موقع پر صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر نے کہا کہ رکھنی تا بیکڑ شاہراہ انتہائی اہمیت کے حامل کا منصوبہ ہے جسکے مکمل ہونے سے اس شاہراہ سے منسلک جتنے بھی علاقے ہیں ان کی معاشی سرگرمیوں میں مثبت تبدیلی رونما ہوگی جس سے علاقے کے مکینوں کو خاطر خواہ فائدہ ملے گا چاہے وہ زراعت کا شعبہ ہو یا صحت کا شعبہ یا دیگر معاشرتی سرگرمیاں ہوں صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ مذکورہ منصوبہ سے متعلق جتنے بھی تکنیکی یا مالی مسائل ہیں انہیں جلد سے جلد حل کرنے کے ساتھ ساتھ رپورٹ سیکرٹری آفس کو پیش کریں انہوں نے کہا کہ اہم نوعیت کے منصوبے پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے اس طرح کے دیگر ترقیاتی منصوبوں کو بھی بروقت مکمل کیا جائے

ملک گیر سیلابی تباہ کاریاں افسوسناک ہیں، امان شاہ

بلوچستان سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے، حکومت فوری ہنگامی اقدامات کرے عوام پاکستان پارٹی

بلوچستان ماحولیاتی تبدیلی کے خطرناک اثرات کی زد میں ہے۔ حکومت توجہ دے صوبائی کنوینر

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینر سید امان شاہ نے ملک بھر، بالخصوص بلوچستان میں جاری شدید بارشوں اور سیلابی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری اور مربوط حکمت عملی کے تحت ریسکیو، ریلیف اور بحالی کے اقدامات کیے جائیں۔ سید امان شاہ نے کہا کہ پاکستان بھر میں جاری موسلا دھار بارشوں کے باعث سینکڑوں دیہات متاثر، درجنوں انسانی جانیں ضائع، سینکڑوں زخمی اور بے گھر ہو چکے ہیں۔ بلوچستان میں صورتحال خاص طور پر انتہائی نازک ہے، جہاں گوادر، کیچ، پنجگور، خضدار، ژوب، مستونگ اور لسبیلہ جیسے اضلاع سیلاب کی لپیٹ میں آ چکے ہیں۔ سید امان شاہ نے کہا کہ ریسکیو آپریشن سست روی کا شکار ہیں اور وفاقی حکومت کی جانب سے اب تک کوئی واضح ہنگامی پالیسی یا ریلیف پیکج سامنے نہیں آیا۔ بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے کے لیے یہ رویہ قابل افسوس اور ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خیبر پختونخوا میں لینڈ سلائیڈنگ اور ندی نالوں میں طغیانی سے اموات ہوئیں؛ پنجاب کے نشیبی علاقوں میں سیلابی پانی داخل ہونے سے ہزاروں ایکڑ فصلیں تباہ ہو گئیں

قلعہ عبداللہ میں لوکل سرٹیفکیٹ برانچ کا افتتاح عوامی سہولت کی جانب اہم قدم، زمرک اچکزئی

برانچ کے قیام کا مقصد عوام کو ان کے بنیادی دستاویزی حقوق، بالخصوص "لوکل سرٹیفکیٹ" کے حصول میں درپیش مشکلات کا ازالہ کرنا ہے

پہلے لوگ چھوٹے چھوٹے کاموں کے لیے دنوں تک دفاتر کے چکر لگاتے، لیکن اب یہ برانچ ان مسائل کا خاتمہ کرے، رکن صوبائی اسمبلی

میزئی اڈہ (نامہ نگار) ضلع قلعہ عبداللہ کے عوام کے لیے ایک بڑی سہولت کی فراہمی کے سلسلے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محمد ریاض خان کے ہمراہ ڈی سی کمپلیکس جنگل پیر علیزئی میں لوکل برانچ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر تمام ضلعی محکموں کے اعلیٰ افسران، سرکاری اہلکار اور عوام کی بڑی تعداد موجود تھی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ اس برانچ کے قیام کا مقصد عوام کو ان کے بنیادی دستاویزی حقوق، بالخصوص "لوکل سرٹیفکیٹ" کے حصول میں درپیش مشکلات کا ازالہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب قلعہ عبداللہ کے عوام کو لوکل سرٹیفکیٹ بنانے کے لیے چمن یا دیگر دور دراز شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔ یہ اقدام عوام کی سہولت، وقت کی بچت اور غیر ضروری اخراجات سے نجات کے لیے کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "پہلے لوگ چھوٹے چھوٹے کاموں کے لیے دنوں تک دفاتر کے چکر لگاتے، لیکن اب یہ برانچ ان مسائل کا خاتمہ کرے گی۔ لوکل برانچ کے ذریعے ہر فرد کو ان کا حق ملے گا اور کوئی بھی محروم نہیں رہے گا۔ ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور اس نئی سہولت کے ذریعے ہزاروں شہریوں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام سرکاری محکمے اپنی ذمہ داریوں کو احسن انداز میں نبھاتے ہوئے عوامی مسائل کے حل کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائیں گے۔ اس موقع پر دیگر افسران نے بھی اظہار خیال کرتے ہوئے لوکل برانچ کے قیام کو ایک مثبت قدم قرار دیا اور امید ظاہر کی کہ اس سے ضلعی سطح پر دستاویزی نظام میں بہتری آئے گی، جعلی سرٹیفکیٹس کا خاتمہ ممکن ہوگا اور شفافیت کو فروغ ملے گا۔ عوامی حلقوں نے بھی اس اقدام کو سراہا اور کہا کہ یہ اقدام ان کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں۔

زیارت، ڈپٹی کمشنر ذکاءاللہ درانی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان اپنے حصے کے پانی کے حصول کو ہر صورت یقینی بنائے گا، ناصر مجید بلوچ

مون سون بارشوں سے قبل ہی محدود وسائل میں رہ کر تمام اقدامات کر لیے نصیر آباد ڈویژن میں 14 فلڈ کیمپس پر قائم کیے گئے ہیں

پٹ فیڈر کینال میں 6500 کیوسک پانی کی فراہمی کا سلسلہ جاری، جبکہ کیرتھر کینال میں 21 سو کیوسک پانی سندھ سے فراہم کیا جا رہا ہے

تمام تر توجہ سیلاب سمیت کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی پر مرکوز، بہتر سے بہتر اقدامات کرنے کے سلسلے کو جاری ہے، چیف انجینئر کینالز

نصیر آباد (خ ن) چیف انجینئر کینالز ناصر مجید بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی صوبائی سیکرٹری آبپاشی صالح محمد ناصر کے احکامات کی روشنی میں مون سون بارشوں سے قبل ہی محدود وسائل میں رہ کر تمام اقدامات کیے گئے ہیں نصیر آباد ڈویژن میں 14 فلڈ کیمپس مختلف مقامات پر قائم کیے گئے ہیں اب کافی میٹریل کی فراہمی مشینری اور عملے کو الرٹ رکھا گیا ہے اس وقت پٹ فیڈر کینال میں 6500 کیوسک پانی کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے جبکہ کیرتھر کینال میں 21 سو کیوسک پانی سندھ سے فراہم کیا جا رہا ہے بلوچستان کے اپنے حصے کے پانی کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا ہماری تمام تر توجہ سیلاب سمیت کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی پر مرکوز ہے محکمہ ایریگیشن کے انجینئرز عملہ کاشتکاروں اور مفاد عامہ میں بہتر سے بہتر اقدامات کرنے کے سلسلے کو جاری رکھے ہوئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے نصیر آباد ڈویژن کے دورے کے موقع پر آفیسران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سپرنٹنڈنگ انجینئر کینال غلام سرور ہنگورزئی ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال حاجی محمد ابراہیم مینگل ایگزیکٹو انجینئر کھیرتھر کینال غلام محمد بارانی سب ڈویژنل آفیسران انجینئر عبدالظاہر مینگل محمد امین زہری بھی موجود تھے اس موقع پر سپرنٹنڈنگ انجینئر کینال غلام سرور ہنگورزئی نے چیف انجینئر کینالز ناصر مجید بلوچ کو مون سون بارشوں ممکنہ سیلابی صورتحال اور

کیلگر افرز ایسوسی ایشن آف بلوچستان کی جانب سے ڈائریکٹر کلچر سہیل الرحمن بلوچ کو تحفہ دیا جا رہا ہے

میزئی اڈہ عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک اچکزئی محمد ریاض خان ڈی سی کمپلیکس جنگل پیر علیزئی میں لوکل برانچ کا افتتاح کر رہے ہیں

UTILITY STORES

AUCTION/DISPOSAL NOTICE

The Utility Stores Corporation of Pakistan (USCP), Ministry of Industries & Production, intends to auction Pulses/Rice/Utility Brand Spices/Polyethene Bags & USC Own Brand Household Items etc, based on **"as it is where it is"**, details of which are available at the undernoted locations as per quantities mentioned in the Tender Documents.

S#	Region	Address	Contact Person	Contact No
1	Killa Saif Ullah	Near DCO Office, Killa Saif Ullah	Muhammad Azam	0333-7823078
2	Khuzdar	Musiani Building, Near FFC Warehouse, RCD Road, Khuzdar	Khurshid Ahmed	0334-2349977
3	Loralai	Aman Petroleum Service, Duki Road, Loralai	Zaheer Ahmed	0311-3661866
4	Nushki	Anam Bostan Road, Opp: F.C Head Quarters, Qaziabad, Nushki	Waheed Ahmed	0333-7879405
5	Pishin	Near Darwesh Flour Mills, Pishin	Ikram Ellahi	0332-2106191
6	Quetta	Old RCP Building Near TTC Sirki Road, Quetta	Malik Atif Aslam	0333-7712123
7	Sibi	Old Food Godown, Sibi	Malik Muhammad Akbar	0333-7962088

i. All the auction bids/offers shall be accepted on **30-07-2025 at 02:30** PM by the Auction Committee, in the presence of the bidders or their duly authorized representatives, who may wish to attend the auction bid at the given address.
ii. Every Pakistani having **NADRA** Identity Card can participate in the open public auction except defaulter of the Government Department or Govt. servant. Companies can participate through their authorized representatives.
iii. Every participant of the open auction will submit Demand Draft/ Pay Order of Rs.1,000,000/- (One Million) in favor of **Utility Stores Corporation of Pakistan (Pvt) Ltd** (as security deposit) and CNIC before time of auction which shall be returned to all depositor after the open auction except the highest bidder.
iv. Every participant of the open auction will submit an offer on the prescribed form along with a certificate on stamp paper of Rs.. 100/- that he is neither a government employee nor a defaulter of the Government Department.
v. All the Government taxes applicable will be borne by the successful bidder.
vi. The successful bidder shall be responsible for the collection of all the items at designated locations within 10 days.
vii. Complete auction offer documents and additional information (if any) may kindly be obtained from the following.

Zonal Manager USC Quetta Zone
Utility Stores Corporation of Pakistan (Pvt) Ltd
Old R.C.P, Building, Near T.T.C, Sirki Road, Quetta
Phone # 081-9211584

PID(Q)45/25

تصحیح بسلسلہ عارضی آسامیاں ضلع پشین

آپ تمام حضرات کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اشتہار برائے تقرریاں نمبر PRQ No 43/04-07-2025 کو بتاریخ 04-07-2025 کو روزنامہ اخبارات میں شائع ہوا تھا جس میں مشتہر شدہ آسامیوں کی کل تعداد کو بالترتیب یہ پڑھا جائے

کل تعداد		ای سی ٹی		جے ای ٹی		جے ای ٹی (ٹیک)		جے اے ٹی		پی ای ٹی		جے ڈی ایم		جے وی ٹی		معلم القرآن	
میل	فیمیل	میل	فیمیل	میل	فیمیل	میل	فیمیل	میل	فیمیل	میل	فیمیل	میل	فیمیل	میل	فیمیل	میل	فیمیل
202	50	8	0	43	8	1	1	11	1	8	0	9	0	120	39	2	1

اور مختلف یونین کونسلوں کی آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی اور نئے شامل کیے جانے والے یونین کونسل کی تفصیل ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پشین میں آویزاں کر دی گئی ہیں اور ضلعی سطح پر معذوران اور اقلیتی آسامیوں کی کل تعداد بالترتیب یہ پڑھی جائے

کوٹہ	جے ای ٹی		جے اے ٹی		جے وی ٹی	
	میل	فیمیل	میل	فیمیل	میل	فیمیل
اقلیت	2	0	0	0	6	2
معذور	2	0	1	0	6	2

نوٹ: یونین کونسل وائز آسامیوں کی تفصیل ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ضلع پشین کے دفتر میں آویزاں کر دی گئی ہیں اور کاغذات کی وصولی کی آخری تاریخ 30-07-2025 پڑھی جائے۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پشین

PRQ No 245/23-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 24 جولائی 2025ء

امریکہ بے رخی، بھارت چین کے قریب جانے پر مجبور

بھارت نے اعلان کیا ہے کہ وہ آج سے چینی شہریوں کو سیاحتی ویزے جاری کرنا دوبارہ شروع کرے گا۔ بھارتی سفارتخانے نے بدھ کو چین میں اس فیصلے کا اعلان کیا، یہ پانچ برس بعد پہلا موقع ہے جب دونوں ممالک اپنے کشیدہ تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ 2020 میں ہمالیہ کی متنازع سرحد پر ہونے والی فوجی جھڑپ کے بعد دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی بڑھ گئی تھی، بھارت نے چینی سرمایہ کاری پر پابندیاں عائد کرتے ہوئے سیکڑوں مشہور چینی ایپس پر پابندی لگا کر مسافروں کی آمد و رفت محدود کر دی تھی۔ چین نے بھی کورونا وبا کے دوران بھارتی شہریوں اور دیگر غیر ملکیوں کے لیے ویزے معطل کر دیے تھے، لیکن 2022 میں ان پابندیوں کو اٹھا لیا گیا تھا اور طلبہ و کاروباری افراد کو ویزے کا اجرا شروع کر دیا تھا۔ تاہم بھارتی شہریوں کے لیے سیاحتی ویزے محدود ہی رہے، یہاں تک کہ رواں سال مارچ میں دونوں ممالک نے براہ راست فضائی سروس دوبارہ بحال کرنے پر اتفاق کیا۔ دونوں ملکوں کے تعلقات بتدریج بہتر ہو رہے ہیں، گزشتہ سال کئی اعلیٰ سطح کی ملاقاتیں ہوئیں، جن میں اکتوبر میں روس میں چینی صدر شی جن پنگ اور بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے درمیان ملاقات بھی شامل ہے۔ چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان گو جیاکون نے بدھ کو کہا کہ بیجنگ نے اس مثبت اقدام کا نوٹس لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین بھارت کے ساتھ رابطے اور مشاورت برقرار رکھنے کے لیے تیار ہے اور دونوں ممالک کے درمیان عوامی تبادلوں کی سطح کو مسلسل بہتر بنانا چاہتا ہے۔ بھارت اور چین کے درمیان 3 ہزار 800 کلومیٹر طویل سرحد ہے جس پر 1950 کی دہائی سے تنازع چلا آ رہا ہے، دونوں ممالک کے درمیان 1962 میں ایک مختصر مگر شدید جنگ بھی ہو چکی ہے، لیکن سرحدی تنازع کے حل کے لیے مذاکرات سست روی کا شکار ہیں۔ گزشتہ ماہ بھارتی وزیر خارجہ نے اپنے چینی ہم منصب کو بتایا تھا کہ دونوں ممالک کو سرحدی کشیدگی کو حل کرنا ہوگا، افواج کو پیچھے ہٹانا ہوگا اور باہمی تعلقات کی بہتری کے لیے تجارتی پابندیوں سے گریز کرنا ہوگا لیکن یہ سب کچھ ایسے ہی نہیں ہوا ہے بھارت کو امریکہ کی بے رخی ایک آنکھ نہ بھائی اور اس نے چین کے ساتھ تعلقات کو از سر نو بہتر بنانے کی کوششیں شروع کر دی ہیں کیونکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ساتھ ظہرانے کی ملاقات پر بھارت نے واشنگٹن کو اپنے دو طرفہ تعلقات کو لاحق خطرات سے خبردار کرتے ہوئے نجی سطح پر سفارتی احتجاج ریکارڈ کرایا تھا جبکہ نئی دہلی اب چین سے تعلقات کو ایک حفاظتی حکمت عملی کے طور پر دوبارہ ترتیب دے رہا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے رائٹرز کی رپورٹ کے مطابق حکام اور تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ اس ملاقات اور امریکا۔بھارت تعلقات، جو دہائیوں تک مضبوط رہے، میں دیگر کشیدگیوں نے تجارتی مذاکرات کو بھی متاثر کیا ہے، کیونکہ ٹرمپ کی انتظامیہ اپنے ایک بڑے اتحادی پر محصولات (ٹیکس) لگانے پر غور کر رہی ہے۔ اس معاملے سے براہ راست آگاہ بھارتی حکومت کے تین سینئر عہدیداروں نے رائٹرز کو بتایا کہ بھارت کا کہنا ہے کہ پاکستان، خاص طور پر اس کا فوجی ادارہ، مبینہ طور پر سرحد پار دہشت گردی کی حمایت کرتا ہے اور امریکا کو بتایا ہے کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو قریب کر کے امریکا غلط پیغام دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے ایک نیا تنازع پیدا ہوا ہے جو آگے جا کر تعلقات میں رکاوٹ بنے گا۔ پاکستان نے ان الزامات کی تردید کی ہے کہ وہ بھارت کے خلاف شدت پسندوں کی مدد کرتا ہے اور کہا ہے کہ نئی دہلی نے کوئی ثبوت فراہم نہیں کیا۔ گزشتہ دو دہائیوں میں امریکا۔بھارت تعلقات مضبوط ہوئے ہیں، اگرچہ درمیان میں کچھ رکاوٹیں آئیں، اور اس کی ایک بڑی وجہ دونوں ممالک کی چین کو متوازن رکھنے کی کوشش ہے۔ واشنگٹن میں ایشیا پیسفک فاؤنڈیشن کے سینئر فیلو مائیکل کگلمین نے کہا کہ موجودہ مسائل کچھ مختلف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس شدت اور تسلسل سے امریکا پاکستان سے رابطہ کر رہا ہے اور خاص طور پر بھارت کے خدشات کو نظر انداز کر رہا ہے، خاص طور پر حالیہ بھارت۔پاکستان تنازعے کے بعد، اس سے دو طرفہ تعلقات میں سرد مہری پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بار تشویش کی بات یہ ہے کہ وسیع تر کشیدگی کی ایک وجہ، یعنی ٹرمپ کی غیر متوقع حکمت عملی، اب تجارتی شعبے تک بھی پھیل رہی ہے، خاص طور پر ان کے محصولات کے طریقے کی وجہ سے۔ وزیراعظم نریندر مودی کے دفتر اور بھارت کی وزارت خارجہ نے اس معاملے پر تبصرہ کی درخواست کا جواب نہیں دیا، وزارت خارجہ پہلے کہہ چکی ہے کہ اس نے ٹرمپ۔عاصم منیر ملاقات کا نوٹس لیا ہے۔ امریکی عہدیدار نے کہا کہ وہ نجی سفارتی رابطوں پر تبصرہ نہیں کرتے اور امریکا کو بھارت اور پاکستان دونوں کے ساتھ مضبوط تعلقات حاصل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ تعلقات اپنی اپنی بنیادوں پر قائم ہیں اور ہم اپنے دو طرفہ تعلقات کا آپس میں موازنہ نہیں کرتے۔ امریکا نے مئی میں ہونے والی پاک بھارت مختصر جنگ کے بعد مختلف رویہ اپنایا ہے۔ مئی میں ہونے والی مختصر جنگ کے چند ہفتے بعد ٹرمپ نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کو وائٹ ہاؤس میں ظہرانے پر مدعو کیا، جو پاکستان کے ساتھ تعلقات میں ایک بڑی پیش رفت تھی۔ آرمی چیف سید عاصم منیر کی وائٹ ہاؤس میں ملاقات نے ٹرمپ کی اس بات پر بھی بھارت کو ناراض کیا کہ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان جوہری جنگ کو تجارتی مذاکرات روکنے کی دھمکی دے کر روکا۔ اس تبصرے پر مودی نے ٹرمپ کو جواب دیا کہ جنگ بندی دونوں ممالک کے فوجی کمانڈروں کے درمیان بات چیت سے ممکن ہوئی، نہ کہ امریکا کی مداخلت سے۔ مودی نے جون میں کینیڈا میں جی۔7 اجلاس کے بعد ٹرمپ کی واشنگٹن آنے کی دعوت قبول نہیں کی تھی۔ اس مہینے کے شروع میں نئی دہلی نے عالمی تجارتی تنظیم (ڈبلیو ٹی او) میں امریکا کے خلاف جوابی محصولات کی تجویز دی، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ تجارت پر بات چیت اب پہلے جیسی ہموار نہیں رہی۔ بھارت اب چین سے سرمایہ کاری پر لگائی گئی پابندیاں بھی نرم کرنے کے اقدامات کر رہا ہے جو 2020 کی جھڑپ کے بعد عائد کی گئی تھیں۔ یہ سب کچھ چین کے ساتھ بھارت کے کشیدہ تعلقات اور پاکستان کے ساتھ چین کی قریبی دوستی و فوجی تعاون کے باوجود ہو رہا ہے۔ لیکن نئی دہلی کو ٹرمپ کی چین کے ساتھ پالیسی، جو کبھی دوستانہ تو کبھی محاذ آرائی پر مبنی رہی، پر تشویش ہے جس نے بیجنگ کے بارے میں اس کے موقف میں تبدیلی میں کردار ادا کیا ہے۔ نیویارک میں یونیورسٹی آف البانی کے سیاسیات کے ایسوسی ایٹ پروفیسر کرسٹوفر کلاری نے کہا کہ وائٹ ہاؤس میں ایک غیر متوقع ڈیل میکر کے ساتھ، نئی دہلی چین۔امریکا مصالحت کے امکان کو نظر انداز نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پاکستان کو چینی مدد اور بھارت کے قریبی ہمسایہ ممالک جیسے بنگلہ دیش میں چین کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ سے پریشان ہے، پھر بھی نئی دہلی نے بڑی حد تک یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ اسے چین کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کا جواب اپنے قریبی ہمسایوں پر دباؤ ڈال کر دینا چاہیے، نہ کہ براہ راست چین پر۔ عالمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے بھارت سے تعلقات بحال کرنے کے حوالے سے چین بھی احتیاط کا مظاہرہ کر رہا ہے اور آنے والے وقتوں میں اپنے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے بھارت کیساتھ تعلقات کو قبول کرے گا۔

غیرت کے نام پر قتل: غیرت نہیں، جرم اور جہالت ہے

منظر نامہ

چینی مافیا، ایف بی آر اور تاجروں کی ہڑتال

اظہار خیال — عمران یعقوب خان

پنجاب حکومت کی خود نمائی: 'ہمارا ملک ایک خاندان کی جاگیر بن چکا ہے'

جائزہ — زاہد حسین

گئے دنوں کے افراد

برملا — نصرت جاوید

ناشاد الطاف حسین کی ناساز طبیعت

زاویہ نظر — انیس فاروقی

ریجنل سکیورٹی فورم کی تشکیل

گردوپیش — ڈاکٹر رشید احمد خان

پرانا سکینڈل اور صدر ٹرمپ کی پریشانی

اظہار خیال — ایاز امیر

اساتذہ کی تعیناتی کے لیے موثر لائحہ عمل مرتب کیا جائے، ڈپٹی کمشنر سبی

اساتذہ کے لوکل ڈومیسائل، تعلیمی اسناد کی تصدیق کی جائے، ضلع کے 47 اسکول دوبارہ فعال ہو چکے ہیں

19 شیلٹر لیس اسکولوں کیلئے اقدامات کیے جائیں گے ان میں تعلیمی سرگرمیاں بحال کی جاسکیں، الیاس کبزئی

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو، سینئر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر میر گہرام لاشاری، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر آر ٹی ایس ایم مرزا اطہر بیگ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس میں ضلع بھر میں اساتذہ کی تقرری، اسکولوں کی فعالیت اور تعلیمی معیار کو بہتر بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے ہدایت کی کہ اساتذہ کی تعیناتی کے لیے موثر لائحہ عمل مرتب کیا جائے اور اس سلسلے میں ڈی آر سی اجلاس بھی جلد منعقد کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ اساتذہ کے لوکل ڈومیسائل اور تعلیمی اسناد کی تصدیق کو بھی فوری یقینی بنایا جائے تاکہ انکی تنخواہیں جاری کی جاسکیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ SBK یونیورسٹی کے تحت 230 اساتذہ کی تقرریاں کی گئی ہیں، جب کہ SBK اور کنٹریکٹ اساتذہ کی تعیناتیوں سے ضلع کے 73 غیر فعال اسکولوں میں سے 47 اسکول دوبارہ فعال ہوچکے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ 19 شیلٹر لیس اسکولوں کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے تاکہ ان اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیاں بہتر انداز میں بحال کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ یکم اگست سے اسکولوں کے کھلتے ہی باقاعدہ دوروں کا آغاز کیا جائے گا

مانجھی پور، صوبائی وزیر سلیم احمد کھوسہ گوٹھ سرفراز خان کھوسہ سے گوٹھ فضل الرحمن گولا تک تعمیر شدہ روڈ کا افتتاح کر رہے ہیں

لیبر ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ قلات ڈویژن حب کی وضاحت

حب (این این آئی) جوائنٹ ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ قلات ڈویژن حب کے دفتر سے جاری وضاحتی بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ روز حب کے دکانداروں کو لیبر انسپکٹر کی جانب سے رجسٹریشن کے لیے دی گئی لیٹر پر غلطی سے مکران ڈویژن کا مہر لگ گیا تھا چونکہ کسی وقت قلات اور مکران ڈویژن ایک ساتھ تھے تو اس وقت کا مہر غلطی سے لگ گیا تھا تو گزارش کی جاتی ہے کہ اسے غلطی تصور کیا جائے جعل سازی نہیں

ڈپٹی کمشنر جھل مگسی کا یونین کونسل ہتھیاری جھل مگسی کا دورہ

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے گزشتہ روز یونین کونسل ہتھیاری جھل مگسی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے گاؤں ہتھیاری کے بچاؤ بند کا معائنہ کیا مذکورہ گاؤں کے سربراہان و ذمہ داران نے مون سون کی بارشوں اور سیلابی صورتحال کے دوران درپیش مشکلات کے حوالے سے انہیں تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے گاؤں کے مکینوں کو یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ مون سون کے آنے والے اسپیل سے قبل ہتھیاری گاؤں کے بچاؤ بند کی مرمت و پختگی کیلئے ضلعی انتظامیہ اور حکومت بلوچستان کی جانب سے ہر ممکن تعاون کو یقینی بنایا جائے گا۔

فرنٹیئر کور بلوچستان میوند رائفلز کی جانب سے مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد

ایف سی بلوچستان کی عوام دوست پالیسیوں کا حصہ ہے، لیفٹیننٹ کرنل جہانزیب

بڑی تعداد میں عوام کی شرکت، تین سو مریضوں کا چیک اپ، ادویات فراہم کی گئیں

ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی اراکین صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ، واجہ خیر جان بلوچ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند بھی موجود تھے، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سے متعلق بیرون از صوبہ پائے جانے والے تاثر حقیقت کے منافی ہیں جنہیں تاریخی شعور کے ذریعے درست کیا جانا چاہیے انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان کی تاریخ میں ہمیں مختلف نظریات ملتے ہیں جن میں نواب خیر بخش مری علیحدگی کے حامی جبکہ میر غوث بخش بزنجو جمہوری اور سیاسی جدوجہد کے قائل تھے وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ آج کے بلوچستان میں ریاست مخالف سرگرمیوں کی جڑیں ماضی کی غلط فہمیوں اور مخصوص بیانیے سے جڑی ہوئی ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت سے نالاں نوجوانوں کے شکوے دور کرکے انہیں گلے لگایا جائے گا تاہم بندوق اٹھا کر تشدد کے ذریعے ریاست توڑنے کی خواہش رکھنے والوں اور معصوم پاکستانیوں کے قاتلوں سے ماورائے آئین بات نہیں ہوسکتی البتہ آئین پاکستان کے تحت جو بات چیت کرنا چاہے اس کے لیے ہمارے دروازے کھلے ہیں انہوں نے کہا کہ قوم پرستی ہو یا مذہب، دہشت گردی دہشت گردی ہوتی ہے اس میں کوئی امتیاز روا نہیں رکھا جاسکتا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بعض عناصر شورش کی وجوہات غیر متوازن ترقی یا بیروزگاری کو پیش کرتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ مسائل تشدد کا جواز نہیں بنتے ریاست سے لڑنے والے دراصل شناخت کی بنیاد پر ایک علیحدہ ریاست کا خواب دیکھتے ہیں جو نہ صرف آئین بلکہ قومی وحدت کے بھی خلاف ہے میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں ہونے والی کارروائیوں پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں قلات میں محدود پیمانے پر کارروائی ہوئی تھی لیکن اسے پورے بلوچستان میں آپریشن قرار دینا تاریخ کی غلط تعبیر ہے اس لیے ضروری ہے کہ ہم درست تاریخی تجزیہ کریں تاکہ حال کو سمجھ سکیں اور بہتر مستقبل کی بنیاد رکھ سکیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے شرکا کو آگاہ کیا کہ بلوچستان میں پائیدار قیام امن کے لیے صوبائی ایکشن پلان ترتیب دیا جاچکا ہے جس کے تحت ریسپانس میکنزم کو موثر بنایا گیا ہے ان کا کہنا تھا کہ دہشت گرد ایک انچ زمین پر بھی دیرپا قابض نہیں رہ سکتے کیونکہ ان کا اصل مقصد خوف و ہراس پھیلا کر امن کے ماحول کو سبوتاژ کرنا ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز گرے زونز میں کام کر رہی ہیں جہاں دوست اور دشمن کی پہچان مشکل ہوتی ہے ایسی صورتحال میں تمام عوامل کو دیکھنا ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچ قوم کو ایک لاحاصل اور تباہ کن جنگ کی طرف دھکیلا جا رہا ہے جس کا سدباب ضروری ہے مسنگ پرسنز سے متعلق بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں اس حوالے سے جامع قانون سازی کی جاچکی ہے تاکہ تفتیشی عمل کو بہتر بنایا جاسکے اس کے ساتھ ساتھ صوبائی حکومت گورننس اور سروس ڈیلیوری نظام میں اصلاحات لا رہی ہے تاکہ عوامی فلاح ممکن بنائی جا سکے اور حکومت پر عوام کا اعتماد بحال کیا جاسکے میر سرفراز بگٹی نے صحت اور تعلیم کے شعبوں میں اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان شعبوں میں 99.99 فیصد بھرتیاں میرٹ پر کی گئی ہیں بلوچستان کے طالب علموں کو قومی و بین الاقوامی سطح پر اسکالرشپس فراہم کی جارہی ہیں تاکہ وہ عالمی سطح پر مسابقت کے قابل بن سکیں بدعنوانی کے خلاف حکومت کے اقدامات پر روشنی ڈالتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سی ایم آئی ٹی اور محکمہ اینٹی کرپشن کو مکمل طور پر فعال کر دیا گیا ہے تاکہ شفاف طرز حکمرانی ممکن بنائی جاسکے۔

بقیہ 2 میر سرفراز بگٹی

صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے وفد کو کوئٹہ آمد پر خوش آمدید کہا اور بلوچستان حکومت کی پالیسیوں، ترقیاتی اقدامات اور چیلنجز پر تفصیل سے روشنی ڈالی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو درپیش مسائل کو سمجھنے کے لیے اس کے تاریخی تناظر کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا ریاست سے ناراضی کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ ہتھیار اٹھا لیے جائیں آئین پاکستان ریاست سے غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے اور اس دائرے میں رہتے ہوئے بات کی جائے تو ہر مسئلے کا حل ممکن ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کا پاکستان کے ساتھ الحاق اتفاق رائے سے ہوا تھا، جسے شاہی جرگے نے اکثریتی رائے سے منظور کیا اس کے برعکس یہ بیانیہ کہ بلوچستان کا زبردستی الحاق ہوا حقائق سے انحراف ہے ہمیں بلوچستان سے متعلق اس تاثر کو جو باہر رائج ہے درست معلومات اور حقائق سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ بیڈ گورننس دہشتگردی کو تقویت جبکہ اچھی طرز حکمرانی ریاست کو مستحکم بناتی ہے ہم بلوچستان میں گڈ گورننس کے فروغ کے لیے ہر سطح پر شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنا رہے ہیں نوجوانوں کو ترقی، تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کرکے ریاست کے ساتھ جوڑ رہے ہیں تاکہ بلوچستان کے نوجوان آگے بڑھ کر قومی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کرسکیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست مخالف کوئی بھی بیانیہ، چاہے کتنا ہی مقبول ہو، محب وطن افراد کے لیے قابل قبول نہیں ہوسکتا پنجابیوں کی ٹارگٹ کلنگ ایک سوچے سمجھے منصوبے کا حصہ ہے، جس کا مقصد قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانا ہے تعلیم کے شعبے میں حکومتی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ ایک سال کے دوران بلوچستان میں 3200 سے زائد بند اسکولوں کو فعال کیا گیا ہے اور ہمارا عزم ہے کہ صوبے کا کوئی اسکول بند نہ رہے انہوں نے بتایا کہ بینظیر بھٹو اسکالرشپ کے تحت قومی و مقامی معاونت کے ساتھ بلوچستان کے طلبہ کو دنیا کی دو سو ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی کے لیے بھیجا جا رہا ہے اس کے علاوہ اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر افراد کے لیے بھی پہلی بار تعلیمی اسکالرشپ پروگرام متعارف کروایا گیا ہے

بقیہ 3 پاکستان اور افغانستان

نے ایکس پر پیغام جاری کرتے ہوئے کردی۔ پاکستان اور افغانستان نے ترجیحی تجارتی معاہدے کے تحت ارلی ہارویسٹ پروگرام پر اتفاق کرلیا ہے۔ معاہدے پر افغان نائب وزیر صنعت و تجارت ملا احمد اللہ زاہد اور پاکستان کے سیکریٹری تجارت جواد پال نے دستخط کیے۔ نمائندہ خصوصی برائے افغانستان محمد صادق کے مطابق معاہدے کے تحت پاکستان سے آم، کینو، کیلا اور آلو افغانستان کو برآمد ہوں گے جبکہ افغانستان سے انگور، انار، سیب اور ٹماٹر پاکستان درآمد کیے جائیں گے۔ ان اشیاء پر ٹیرف کی شرح 60 فیصد سے کم ہوکر 27 فیصد کردی گئی ہے۔ معاہدہ یکم اگست 2025 سے ایک سال کے لیے موثر ہوگا اور قابل تجدید ہے۔ معاہدے میں مستقبل میں مزید اشیاء شامل کرنے کی گنجائش موجود ہے۔ دونوں ممالک نے دوطرفہ تجارت اور معاشی تعاون بڑھانے پر مکمل اتفاق کیا ہے

بقیہ 4 وزیراعظم

کی نجکاری میں تمام قانونی مراحل اور شفافیت کے تقاضے پورے کیے جائیں۔ وہ بدھ کو یہاں سرکاری ملکیتی اداروں کی نجکاری کی پیشرفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں وفاقی وزیر پاور ڈویژن سردار اویس خان لغاری، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، چیئرمین نجکاری کمیشن محمد علی، وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی اور دیگر متعلقہ سرکاری افسران اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ قومی اداروں کی بیش قیمت اراضی پر ناجائز قبضہ کسی صورت قابل قبول نہیں، نجکاری کے مراحل میں قومی اداروں کی ملکیت میں بیش قیمت اراضی کے تصفیہ میں ہر ممکن احتیاط ملحوظ خاطر رکھی جائے۔ مذکورہ اداروں کی مرحلہ وار نجکاری کے اہداف مارکیٹ کے معاشی ماحول کے مطابق مقرر کیے جائیں تاکہ قومی خزانے کو ممکنہ نقصان سے ہر صورت بچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ نجکاری کے مراحل میں سرخ فیتے اور غیر ضروری عناصر کا خاتمہ کرنے کیلئے نجکاری کمیشن کو قانون کے مطابق مکمل خود مختاری دی جائے گی، تمام فیصلوں پر مکمل اور موثر انداز میں عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ نجکاری کمیشن میں جاری کام کی پیشرفت کی باقاعدگی سے خود نگرانی کروں گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ایف بی آر کی اصلاحات سے ٹیکس نظام کی بہتری خوش آئند ہے۔

بقیہ 5 ڈیکاری قتل

نامزد سردار شیر باز ساتکزئی اور محمد بشیر کو بدھ کو اے ٹی سی کورٹ ون میں پیش کیا گیا ایس سی آئی ڈبلیو نے ملزمان کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی جس پر عدالت نے سردار شیر باز ساتکزئی اور محمد بشیر کو 10 روزہ جسمانی ریمانڈ پر ایس سی آئی ڈبلیو کے حوالے کردیا۔

بقیہ 6 دہشت گردی

کے کاتوائے پر حملے کے نتیجے میں پاک فوج کے میجر زاہد شہید جبکہ 5 اہلکار زخمی ہوگئے دوسرا واقعہ گل جان لیویز چیک پوسٹ کے قریب سیکورٹی فورسز کی گاڑی کو نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے سڑک کے کنارے دھماکہ خیز مواد نصب کرکے نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں ایک اہلکار حوالدار عادل شہید جبکہ نائب صوبیدار شہزادہ نائیک زبیر اور لانس نائیک طفیل 3 زخمی ہوگئے نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردی گئیں، دریں اثنا گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ڈسٹرکٹ مستونگ میں اسپلنجی کے قریب ایف سی کاتوائے پر فائرنگ کے نتیجے میجر زیاد سلیم کی شہادت اور دیگر چار سپاہیوں کے زخمی ہونے پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا ہے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان امن و آشتی کا گہوارہ ہے اور صوبہ کی پرامن صورتحال کو کسی بھی صورت سبوتاژ نہیں ہونے دیں گے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے شہید میجر زیاد سلیم کی مغفرت اور دیگر زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی

بقیہ 7 گرفتاری جاری

پراسیکیوشن نے درخواست دائر کردی۔ پراسیکیوٹر سید ظہیر شاہ کی درخواست میں تھانہ صادق آباد کے مقدمہ نمبر 3393، تھانہ واہ کینٹ کا مقدمہ نمبر 839 تھانہ نصیر آباد کا مقدمہ 1862 جلد سماعت کے لئے مقرر کرنے کی استدعا کی گئی ہے۔ عدالت نے درخواست کو قبول کرتے ہوئے تینوں مقدمات کو 25 جولائی کی سماعت کیلئے مقرر کرتے ہوئے تمام ملزمان اور وکلا کو نوٹس جاری کردیے۔ دوسری جانب انسداد دہشتگردی کی عدالت نے 26 نومبر احتجاج کے تین مقدمات میں عدم گرفتار ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ جس کے لیے پولیس نے ٹیمیں تشکیل دے کر چھاپہ مار کارروائیاں شروع کردی ہیں۔ ملزمان میں سابق صدر عارف علوی، وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور، شاہد خٹک، خالد خورشید، عمر ایوب، شہریار ریاض، اسد قیصر، فیصل امین، حماد اظہر اور دیگر شامل ہیں۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس میں سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ مبشر حسن نے مئی 2022 میں لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس میں سابق گورنر عمران اسماعیل کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے، عمران اسماعیل کو تھانہ بارہ کہو میں توڑ پھوڑ کی دفعات کے تحت مقدمے میں نامزد کیا گیا تھا۔ عمران اسماعیل کے خلاف لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس کی سماعت کل (24 جولائی) کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں ہوگی، کیس سے سربراہ پاکستان تحریک انصاف عمران خان اور رہنما رستاخ گل و دیگر پہلے ہی بری ہوچکے ہیں۔ یاد رہے کہ 9 مئی 2023 کے واقعے کے چند روز بعد پی ٹی آئی کے اس وقت کے ایڈیشنل سیکرٹری جنرل عمران اسماعیل نے اپنی جماعت سے راہیں جدا کرنے کا اعلان کردیا تھا۔

بقیہ 8 وزیراعلیٰ کے پی

حقیقی آزادی کی تحریک شروع کرنے کا اعلان کردیا علی امین گنڈاپور نے اپنے بیان میں کہا بانی پی ٹی آئی عمران خان کی غیر قانونی، غیر آئینی گرفتاری اور سزا کو نہیں مانتے۔

بقیہ 9 طرز تعلقات پر گفتگو

ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدارت کے دوران پاکستان کی جانب سے منعقدہ اعلیٰ سطحی تقریبات کے موقع پر نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار اور سعودی وزیر برائے معیشت و منصوبہ بندی فیصل فاضل الابراہیم کی ملاقات ہوئی۔ دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا

بقیہ 10 اسحٰق ڈار

اقدامات، بین الاقوامی انسانی قانون، سلامتی کونسل، جنرل اسمبلی کی قراردادوں اور بین الاقوامی عدالت انصاف کی خلاف ورزی ہیں۔ نائب وزیر اعظم نے فلسطین کے مسئلے کو اقوام متحدہ کی ساکھ کے لئے امتحان قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ سلامتی کونسل غزہ میں فوری جنگ بندی کروائے، سلامتی کونسل انسانی امداد کی بلا رکاوٹ رسائی، قبضے اور جبری بے دخلی کا خاتمہ کروائے۔

بقیہ 11 بہہ جانیوالے

نالے کی گزرگاہ میں سرچ آپریشن مکمل کرلیا، زیر زمین برساتی نالے کی گزرگاہ کی کھدائی کرکے کھوج لگتے بھی گزارے گئے تاہم باپ بیٹی یا گاڑی کا کوئی سراغ نہ مل سکا، تلاش میں اب ریسکیو آپریشن کاک پل کے مقام پر شروع کردیا۔

بقیہ 12 بیسٹر لندن

باقی نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ غزہ کے خوفناک مناظر دن بہ دن بدتر ہورہے ہیں۔ غزہ میں بھوک سے نڈھال بچے مایوسی کے عالم میں ملبے کے نیچے سے غذا کے متلاشی ہیں۔ صادق خان نے کہا کہ امداد کے منتظر فلسطینی خاندانوں کا اسرائیلی فوج قتل کررہی ہے، برطانوی حکومت اور عالمی برادری کو اس صورتحال کو روکنے کیلئے اسرائیل پر مزید دباؤ بڑھانا ہوگا۔

بقیہ 13 منافی قرار

کے آئین اور قانون کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کا بیان ظاہر کرتا ہے کہ قتل میں والدین کی مرضی شامل تھی۔

بقیہ 14 برطانوی قیادت

وزیراعظم کیئر اسٹارمر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ رواں سال میں برطانیہ کی قیادت کے ساتھ اپنی ملاقات کے منتظر ہیں، انہوں نے برطانوی حکومت کی جانب سے پی آئی اے کی پروازوں کی بحالی کے حالیہ فیصلے کا خیر مقدم کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اس مثبت پیشرفت سے برطانوی پاکستانی کمیونٹی کو درپیش مشکلات کو دور کرنے کے ساتھ لوگوں کے درمیان رابطے کو بڑھانے میں بھی مدد ملے گی۔

بقیہ 15 وزیراعلیٰ بلوچستان

پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو صوبے میں خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے جاری منصوبوں،

بالخصوص خواتین کے پہلے انڈومنٹ فنڈ کے قیام سے متعلق پیش رفت سے آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ یہ فنڈ بلوچستان میں خواتین کو خودمختار بنانے، روزگار، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں ان کی شمولیت کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا

بقیہ 16 پاکستان، بنگلہ دیش

بنگلہ دیشی ہم منصب لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جہانگیر عالم چودھری سے ملاقات کے دوران ہوا، دونوں وزراء داخلہ نے انٹرنل سیکیورٹی، پولیس ٹریننگ شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا، محسن نقوی کا ڈھاکہ میں وزارت داخلہ آمد پر بنگلہ دیشی ہم منصب نے پرتپاک خیر مقدم کیا، گارڈ آف آنرز پیش کیا گیا، پاک بنگلہ دیش دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے کیلئے مشترکہ کمیٹی تشکیل دی جائے گی، پاکستان کی طرف سے وفاقی سیکرٹری داخلہ خرم آغا کمیٹی کے سربراہ ہوں گے، بنگلہ دیش کا اعلیٰ سطح کا وفد عنقریب سیف سٹی پراجیکٹ اور نیشنل پولیس اکیڈمی کا دورہ کرنے اسلام آباد آئے گا۔

بقیہ 17 پاور ڈویژن

بنک سے 244 ارب روپے وصولی سے متعلق آڈٹ رپورٹ بارے ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ آڈٹ رپورٹ سال 2023-24 کی ہے اور یہ رپورٹ ابھی ابتدائی ہے جس پر مزید دستاویزات اور ثبوت پیش کیے جائیں گے

بقیہ 18 وزیر مملکت داخلہ

کرے، سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'ایکس' پر وزیر مملکت نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ایسے خودکار نظام متعارف کرائے جائیں جو دہشتگردی کے مواد کی نشاندہی اور فوری معطل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں، ٹی ٹی پی جیسی دہشت گرد تنظیموں کو ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر سرگرم ہونے دینا عالمی امن کیلئے سنگین خطرہ ہے، دہشتگردوں کی آن لائن موجودگی نظریات کو پھیلانے کا ذریعہ بن رہی ہے جسے فوری روکا جانا چاہیے،

بقیہ 19 سلمان اکرم راجہ

گے۔ ہائی کورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شاہ محمود قریشی پر ابھی 8، 9 مقدمات باقی ہیں، ایسا نہیں ہے کہ وہ باہر آرہے ہیں۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ابھی دیکھتے ہیں کیا ہوتا ہے، فیصلہ ساز منصوبہ سازی کرنا چاہتے ہیں، پوری قوم کو بتایا جارہا ہے

بقیہ 20 پیٹرولیم مصنوعات

سیکٹر میں بڑھتے گردشی قرضوں سے نمٹنے کیلئے پیٹرولیم لیوی میں 3 سے 10 روپے فی لیٹر تک اضافے پر غور کیا جا رہا ہے، ذرائع کے مطابق حکومت بینکوں سے 2 ہزار ارب روپے تک قرض لینے پر بھی مشاورت کررہی ہے تاکہ گیس سیکٹر کے مالی بحران پر قابو پایا جا سکے، وزارت خزانہ اور وزارت توانائی کے درمیان اہم اجلاس متوقع ہے۔

بقیہ 21 ینگ پارلیمنٹیرین

حکومت اپنی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لئے ڈائیلاگ کے ذریعے مسائل کے حل کو یقینی بنائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں کوئٹہ آنے والے ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کے وفد کے ساتھیوں جس میں سیکرٹری اطلاعات محمد اقبال، رحیلہ اسامہ، ڈاکٹر شائستہ، مہک داؤ، اختر بی بی، سعد اللہ، محمد افضل خان، راجہ محمد علی، محمد عارف، محمد قاقر، حفیظ الرحمٰن سمیت دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ سیدہ نوشین افتخار نے کہا کہ نوجوانوں کے ہاتھ میں قلم اور کتاب دیکھنا چاہتے ہیں بندوق نہیں بلوچستان میں دو جنگیں لڑی جارہی ہے ایک سیکورٹی اہلکار وطن کے دفاع اور دوسرے پاکستان کو نقصان پہنچا کر توڑنا چاہتے ہیں۔ ہمارا مقصد بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم اور روزگار فراہمی کو یقینی ٹیکنیکل تعلیم فراہم کی جارہی ہے سیدہ نوشین افتخار نے کہا کہ کہا جارہا تھا کہ بلوچستان میں دہشتگردی کی ایک لہر ہے لوگ گھروں سے باہر بھی نہیں نکل سکتے لیکن یہاں آکر معلوم ہوا کہ زندگی معمول کے مطابق چل رہی ہے۔ بلوچستان میں لوگ اپنے کاموں پر جارہے ہیں ہم یہاں پر اپنے بچوں کے ہاتھوں میں بندوق نہیں قلم اور کتابیں دیکھنا چاہتے ہیں بلوچستان کے نوجوانوں کے مسائل حل کریں گے، مس انفارمیشن کا رجحان زیادہ ہے اس لئے میڈیا اور سوشل میڈیا کو چاہیے کہ وہ بغیر تحقیقات کے مواد یا کوئی خبر شیئر نہ کریں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی اچھی خبریں بھی چلائی جائیں مسائل بندوق کے زور پر حل نہیں ہوسکتے بلوچستان کے لوگ بہت مہمان نواز ہیں بلوچستان میں امن کی ضرورت ہے اور اس کے لئے ضروری ہے کہ ڈائیلاگ کے ذریعے صوبے کے مسائل کو حل کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی آبادی کا 60 فیصد نوجوانوں پر مشتمل ہے ہمیں نوجوانوں کے مستقبل کو تابناک بنانے کیلئے اقدامات اٹھانے ہوں گے اسی لئے یہ فورم معرض وجود میں آیا ہے

بقیہ 22 مچھ، آب گم

ایک گھر کے باہر بیٹھے ہوئے افراد پر دستی بم پھینکا۔ اچانک ہونے والے اس دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں 1 شخص موقع پر جاں بحق ہوگیا جبکہ 3 دیگر افراد شدید زخمی ہوگئے۔ زخمیوں اور لاش کو فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کردیا گیا جہاں زخمیوں کو طبی امداد دی جا رہی ہے۔ اسپتال ذرائع کے مطابق زخمیوں میں سے ایک کی حالت تشویشناک ہے۔

بقیہ 23 مذمتی قرارداد جمع

جمع کرادی۔ بلوچستان میں جوڑے کے بہیمانہ قتل کے خلاف مذمتی قرارداد رکن صوبائی اسمبلی سعدیہ جاوید اور ہیر سوہو نے جمع کروائی۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ وحشیانہ عمل آئین پاکستان کے خلاف ہے اور مذکورہ قرارداد میں قتل کے عمل کو غیر اسلامی اور غیر ثقافتی قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 24 نیشنل بینک

حیران کن انکشافات سامنے آگئے، اراکین کمیٹی اور چیئرمین جنید اکبر نے شدید برہمی کا اظہار کیا، اجلاس میں انکشاف کیا گیا ایف آئی اے کی انکوائری کا سامنا کرنے والے بیسکول پٹرولیم کے ملازمین کو نیشنل بینک کی جانب سے ایک ارب کی رقم ادا کی گئی، چیئرمین پی اے سی نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے صدر نیشنل بینک سے استفسار کیا آپ معاملات کی کیسے اجازت دے سکتے ہیں

بقیہ 25 فلسطینی شہید

شہید کردیا، شہادتیں تب شروع ہوئیں جب سے غزہ ہیومینٹیرین فاؤنڈیشن (GHF) نے اپنی امدادی سرگرمیاں شروع کیں، یو این ہیومن رائٹس آفس کے ترجمان ثمین الخیطان نے کہا 21 جولائی تک ہمارے پاس ایسے 1,054 افراد کی اموات کا ریکارڈ موجود ہے

بقیہ 26 غیرت

ڈونلڈ ٹرمپ کے خصوصی ایلچی رچرڈ گرینل سے ملاقات کی، جس کے ساتھ ہی انہوں نے اپنے والد کی رہائی کے لیے مہم کا آغاز کردیا۔ عمران خان کے بیٹے سلیمان خان اور قاسم خان نے مئی میں پہلی بار عوامی سطح پر اپنے والد کی قید پر توجہ دلائی تھی، عمران خان اگست 2023 سے اڈیالہ جیل میں قید ہیں، جہاں وہ 190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس میں سزا کاٹ رہے ہیں، جب کہ ان پر 9 مئی 2023 کے احتجاج سے متعلق انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت دیگر مقدمات بھی زیر سماعت ہیں۔

اداروں کیلئے قابل اور باصلاحیت افسران کا انتخاب ترجیح ہونی چاہیے، جعفر مندوخیل

قومی ذمہ داری ہے کہ خود احتسابی، ادارے کی کارکردگی اور طریقہ کار کو بڑھایا جائے تاکہ اسے زیادہ شفاف اور موثر بنایا جا سکے

کمیشن کے امتحانات اور انٹرویوز میں میرٹ کو برقرار رکھنے سے مستحق امیدواروں کو انصاف فراہم کر کے مایوسی کو ختم کیا جاسکتا ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ مقابلے کے امتحانات میں میرٹ کی بحالی نہ صرف ناانصافیوں کی اصلاح کا آغاز ہے بلکہ سماجی انصاف کے حصول کی جانب پہلا درست قدم ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے اداروں کیلئے قابل اور باصلاحیت افسران کا انتخاب صرف PCS، CSS اور ISSB کے امتحانات کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ کمیشن کے ایک رکن کے طور پر یہ ایک قومی ذمہ داری ہے کہ خود احتسابی، ادارے کی کارکردگی اور طریقہ کار کو بڑھایا جائے تاکہ اسے زیادہ شفاف........ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے عمر خان گورگیج اور ربانی خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

پشتون آباد روڈ دورویہ کیا جائے گا' ولی محمد نورزئی

مختلف سرکاری اسکولوں میں بھی ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے' پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ پشتون آباد کے روڈ کو دورویہ کیا جائے گا علاقے میں ہنگامی بنیادوں میں ترقیاتی کام جاری ہے جس میں مزید تیزی لائی جائے گی علاقے کے مختلف سرکاری اسکولوں میں بھی ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے متعدد قومی موو........ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

کوشش ہے عوامی مسئلے بروقت وفوری حل ہوں' فیصل خان جمالی

انشاء اللہ عوام کے معیار پر پورا اتریں گے' صوبائی وزیر حیوانات

اوستہ محمد (نامہ نگار) صوبائی وزیر حیوانات کی بروقت کارروائی سلیم کالونی بجلی کے کھمبے گرنے کے واقعات پر فوری اقدام کھمبے نصب کر کے بجلی بحال کرادی میری کوشش عوام کی خدمت کرنا ہے میر فیصل خان جمالی' تفصیلات کے مطابق گزشتہ دنوں طوفانی ہواؤں اور بارش کی وجہ سے سلیم کالونی بابو اصغر بلال اسٹریٹ میں بجلی کے پول گر گئے جس پر اہل محلہ او........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

خاتون کو قتل کر کے دفنانے والے ملزمان کیخلاف کارروائی

پولیس نے جنازہ پڑھنے والے مولوی سمیت دو خواتین کو گرفتار کر لیا

مقتولہ حرمت بی بی کے شوہر کی تاحال گرفتاری عمل میں نہیں لائی گئی

ڈیرہ اللہ یار (رپورٹ دھنی بخش مگسی) بھی کے علاقے بھاگ میں سفاک شوہر نے دوسری شادی کے خاطر اپنی پہلی بیوی کا گلہ گھونٹ کرا سے قتل کر دیا اور لاش چھپادی واقعہ سات روز پرانا ہے پولیس نے جنازہ پڑھنے والے مولوی سمیت دو خواتین کو بھی گرفتا........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمان خطاب کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی 16 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ملک بھر میں منشیات کا استعمال خوفناک حد تک بڑھ چکا ہے' محمد عبدالقادر

بچوں و نوجوانوں میں منشیات کا بڑھتا ہوا رجحان خاندانوں کے خاندان تباہ کر رہا ہے' سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ یہ بات انتہائی تشویشناک ہے کہ ملک بھر میں منشیات کا استعمال خوفناک حد تک بڑھ چکا ہے ہر عمر کے لوگ منشیات کے عادی ہو چکے ہیں ملک کے ہر چھوٹے بڑے شہر........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق محکمہ تعلیم

پائٹ میں ورچوئل اکیڈمی فار ٹیچرز ٹریننگ کا آغاز

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق محکمہ تعلیم اور پراونشل انسٹیٹیوٹ فار ٹیچر ایجوکیشن (PITE) نے ورچوئل اکیڈمی فار ٹیچر ٹریننگ (VATT) کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے یہ جدید ڈیجیٹل پلیٹ فارم بلوچستان کے 50,000 سے زائد اساتذہ کو گھر بیٹھے جدید، آسان اور معیاری تربیت فراہم کرے گا VATT کے ذریعے انڈکشن، PLT اور CPD ماڈیولز، ویڈیو لیکچرز، ڈیجیٹل لائبریری، آن لائن اساتذہ کمیونٹی اور کارکردگی کے لیے ڈیٹا ڈیش بورڈ جیسی سہولیات فراہم کی جائیں گی یہ منصوبہ یورپی یونین کے مالی تعاون اور یونیسف کی شراکت سے بلوچستان ایجوکیشن سیکٹر پلان کے تحت شروع کیا گیا

اے سی چمن کی کارروائی' 3 ڈاکو اسلحہ سمیت گرفتار

کارروائی خفیہ اطلاع پر کی گئی' ڈاکوؤں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا امتیاز علی بلوچ

چمن (اصغر اچکزئی) اے سی چمن امتیاز علی بلوچ کی چمن میں ڈاکوؤں اور قانون شکن عناصر کیخلاف کارروائی' تین ڈاکو کو پسٹل سمیت گرفتار اے سی چمن امتیاز علی بلوچ اور لیویز فورس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے تین ڈاکوؤں عبدالصمد حمد اللہ اور منیر احمد کو پسٹل سمیت گرفتار کرلیا

پاکستان میں سونا

مزید مہنگا، نرخ ہزاروں روپے بڑھ گئے

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان میں سونے کی قیمتوں میں بڑا اضافہ، فی تولہ سونا 3700 روپے اور 10 گرام سونا 3171 روپے مہنگا ہو گیا، عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمتوں میں اضافے کے باعث پاکستان میں بھی سونے کے نرخ بڑھے، آل پاکستان صراف اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن سے جاری اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں سونے کی فی تولہ قیمت 3700 روپے اضافے سے 3 لاکھ 64 ہزار 900 روپے اور 10 گرام 3171 روپے مہنگا ہو کر 3 لاکھ 12 ہزار 842 روپے کا ہو گیا۔

صوبے کے لوگوں کا ذریعہ معاش 4 صوبائی محکموں پر ہے' علی حسن زہری

محکمہ زراعت' لائیو سٹاک' ایریگیشن اور لیبر کو جدید خطوط پر استوار کرنے سے مسائل حل ہو سکتے ہیں

اگر ان شعبوں میں ترقی ہوگی تو ان کے مثبت اثرات صوبے پر پڑیں گے' صوبائی وزیر فیصل خان جمالی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری کی زیر صدارت ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے وفد کے ساتھ اجلاس منعقد ہوا اجلاس کا مقصد صوبے میں زراعت لائیو سٹاک ایریگیشن اور لیبر کے شعبوں کی ترقی اور ان محکموں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے حوالے سے دس سالہ ترقیاتی منصوبہ پر تبادلہ خیال کرنا تھا اجلاس میں صوبائی وزیر لائیو سٹاک........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر میں موسلادھار بارشوں سے ہلاکتیں 245 تک جا پہنچیں

مزید گلیشیر پھٹنے اور لینڈ سلائیڈنگ کی پیشگوئی

ندی نالے بپھر گئے، دریاؤں میں طغیانی، نشیبی علاقے زیر آب، معمولات زندگی متاثر، نالہ لئی میں پانی کی سطح خطرناک حد تک بلند

مرنیوالوں میں 113 بچے بھی شامل، 602 افراد زخمی، 826 مکانات کو نقصان، 203 مویشی بھی ہلاک ہو گئے، این ڈی ایم اے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں مون سون بارشوں کا سلسلہ شدت اختیار کر گیا، کراچی سے خیبر اور گلگت بلتستان تک کہیں ہلکی، کہیں تیز بارش کے نتیجے میں معمولات زندگی بری طرح متاثر، ندی نالے بپھر گئے، دریاؤں میں طغیانی نشیبی علاقے زیر آب آ چکے، اسلام آباد اور راولپنڈی میں نالہ لئی میں پانی کی سطح خطرناک حد تک بلند ہو گئی، راولپنڈی کے برساتی نالے میں بہہ جانے والے باپ اور بچی کی تلاش کیلئے ریسکیو ٹیمیں بائی الرٹ ہیں، ادھر نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے مطابق 26 جون سے اب تک ملک بھر میں........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے مولانا عصمت اللہ سالم کی قیادت میں مرکزی اہلحدیث ملاقات کر رہا ہے

قلعہ عبداللہ' نیوکلی شمشوزئی گلستان سے

ایک شخص کی لاش برآمد

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) نیوکلی شمشوزئی گلستان میں ایک شخص کی لاش برآمد جس کی شناخت میراجان ولد فتح خان قوم کاکوزئی سے ہوئی جس کو گھر میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا ہے تاہم قتل کی وجہ ابھی تک معلوم نہ ہو سکی ہے لاش پوسٹ مارٹم کے لئے سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی لیویز فورس کر رہی ہے۔

جمال شاہ کاکڑ کا ڈیگاری میں خاتون و مرد کے قتل پر اظہار تشویش

من پسند و ذاتی مفادات کو روایات اور مذہب سے جوڑا نہیں جا سکتا' رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری اور رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے ڈیگاری کوئٹہ میں خاتون و مرد کے قتل کے واقعہ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ من پسند و ذاتی مفادات کو روایات اور مذہب سے نہیں جوڑا جا سکتا، خاتون کو کسی بھی نام پر قتل کرنا خلاف انسانیت عمل ہے، ویڈیو میں خاتون کی بہادری او........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

دنیا کے طاقتور ترین پاسپورٹ

میں 3 ایشیائی ممالک سرفہرست

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 2025 کی دوسری ششماہی کیلئے دنیا بھر کے طاقتور ترین پاسپورٹس کی فہرست میں پاکستان ایک بار پھر نچلے نمبروں پر موجود ہے، ہینلے اینڈ پارٹنرز کی جولائی سے دسمبر 2025 کیلئے جاری کی گئی فہرست میں ایشیائی ملک سنگاپور کے پاسپورٹ کو ایک بار پھر طاقتور ترین قرار دیا گیا، 22 جولائی کی شب جاری کی گئی

قلات' نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص قتل

اللہ بخش سکنہ ہربوئی کی نعش ہسپتال منتقل' مزید کارروائی انتظامیہ کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) قلات کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز قلات بازار میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے اللہ بخش سکنہ ہربوئی کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا مزید کارروائی قلات انتظامیہ کر رہی ہے۔

کوئٹہ میں رواں سال غیرت کے نام پر 6 افراد کا قتل' ملزمان مفرور

غفور ٹاؤن لاشار آباد میں غلام قادر اور نازنین کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا، بیٹے کا ماموں اور مقتولہ لڑکی کا والد ملوث

چھ سالوں کے دوران 212 سے زائد مرد و خواتین کو غیرت، سیاہ کاری اور کاروکاری جیسے الزامات میں قتل کیا جا چکا ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں امسال غیرت کے نام پر 6 افراد کو قتل کیا جا چکا ہے پولیس کے اعداد و شمار کے مطابق کوئٹہ میں غیرت کے نام پر قتل کا ایک اور واقعہ پیش آیا ہے جس کے متعلق پولیس کا کہنا ہے کہ ایک شخص نے مبینہ طور پر اپنی نوجوان بیٹی اور بھانجے کو گولیاں مار کر قتل کر دیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعہ گزشتہ روز پولیس تھانہ کیچی بیگ کی حدود میں قمبرانی روڈ پر غفور ٹاؤن لاشار آباد میں پیش آیا جہاں غلام قادر اور نازنین کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا۔ دونوں کی لاشیں سول ہسپتال کوئٹہ پہنچائی گئیں جہاں ڈاکٹر نے بتایا کہ مقتولین کو........ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

نور مقدم قتل کیس، مجرم ظاہر جعفر نے

نظر ثانی درخواست دائر کر دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نور مقدم قتل کیس کے مجرم ظاہر جعفر نے سپریم کورٹ میں سزائے موت کے فیصلے کیخلاف نظر ثانی درخواست دائر کر دی، مجرم ظاہر جعفر کی جانب سے سپریم کورٹ میں دائر درخواست میں کہا گیا عدالت نے ظاہر جعفر کی ذہنی حالت کا تعین نہیں کرایا، سزائے موت دینے کیلئے ویڈیو ریکارڈنگ پر انحصار کیا گیا، ویڈیو ٹرائل کے دوران درست ثابت بھی نہیں کی گئیں حتیٰ کہ ملزم کو ویڈیو ریکارڈنگ فراہم بھی نہیں کی گئیں، درخواست میں موقف اپنایا گیا ٹرائل کے دوران کبھی وہ ویڈیوز چلا کر بھی نہیں دیکھی گئیں، فیصلہ جلد بازی میں کیا گیا

بلوچستان بھر میں پارٹی پیغام ہر فرد کو دیں گے' سردار عمر گورگیج

ذمہ داریاں ایمانداری کے ساتھ سرانجام دیکر بلوچستان کے مسائل حل کریں گے' سینئر

بلاول بھٹو نوجوان انکی قیادت میں انقلابی تبدیلیاں رونما ہونگی' نو منتخب صوبائی صدر پیپلز پارٹی

سبی (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر سینئر سردار محمد عمر گورگیج نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو بلوچستان کے کونے کونے میں فعال کرتے........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

ناگہانی آفات میں ہمیں صبر و ہمت سے کام لینا چاہیے' سردار رند

مون سون بارشوں میں احتیاطی تدابیر اپناتے ہوئے قیمتی جانیں بچائی جا سکتی ہیں' سینئر سیاستدان

سبی (آئی این پی) رند قبائل کے سربراہ سینئر سیاستدان چیف آف رند سردار یار محمد رند نے بلوچستان کے پی کے سندھ پنجاب میں مون سون بارشوں سیلابی ریلوں سے ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ناگہانی آفات میں ہمیں صبر ہمت سے کام لے کر انسانی جانوں کو بچانا ہے مون سون بارشوں........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

میجر انور خان کاکڑ کی شہادت دہشتگردی کی بدترین مثال ہے' حافظ حسین شرودی

آج ملک ایک عظیم وطن دوست سپہ سالار سے محروم ہوا' لواحقین سے تعزیت کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی حاجی عبدالصادق نورزئی مولانا قاری نظر محمد حقانی ضلعی سالار مولانا علی جان مولانا محمد اکبر مینگل مولانا قاری مفتی جان محمد ضلعی معاون ناظم مالیات مولانا حاجی عبدالمالک بڑیچ مولانا مفتی روزی خان بادیزئی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی نے........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

راحیلہ خان درانی محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام اساتذہ کی تربیت کے لیے ورچوئل اکیڈمی کا افتتاح کر رہی ہیں

عالمی ادارہ صحت کا چکن گونیا وائرس کی

عالمی وبا کے خدشے کا اظہار

جنیوا (م ڈ) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے خبردار کیا ہے کہ چکن گونیا وائرس کی ایک نئی اور ممکنہ طور پر عالمگیر وبا دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے سکتی ہے، جس کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔ ڈبلیو ایچ او کے مطابق، دنیا بھر میں 5.6 ارب افراد اس وائرس کے خطرے سے دوچار ہیں کیونکہ یہ وائرس 119 ممالک میں رپورٹ ہو چکا ہے

آئی ایم ایف نے حکومت سے گیس کے گردشی قرضے ختم کرنے کا مکمل پلان مانگ لیا

گردشی قرض 2800 ارب تک پہنچنے سے کمپنیوں، حکومتی تیل و گیس کے اداروں کو بھاری نقصان ہو رہا ہے

قرض کی ادائیگی کیلئے پیٹرولیم مصنوعات پر 3 سے 10 روپے فی لیٹر لیوی عائد کرنے کی تجویز پر غور شروع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئی ایم ایف نے حکومت سے گیس کے گردشی قرضے ختم کرنے کا مکمل پلان طلب کر لیا، ذرائع کے مطابق پیٹرولیم ڈویژن نے کہا گیس شعبے کا گردشی قرض 2 ہزار 800 ارب روپے تک جا پہنچا، کمپنیوں اور حکومتی تیل و گیس کے اداروں کو بھاری نقصان ہو رہا ہے، حکومت نے گیس کے گردشی قرض سے چھٹکارے کیلئے حکمت عملی تیار کرنا شروع کر دی اور منصوبے کے تحت حکومت بینکوں سے 2 ہزار ارب تک قرض حاصل کرنے پر غور کر رہی ہے، حکومت نے بینکوں سے آسان شرائط پر قرض لینے کیلئے مشاورت........ بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

معاشی سطح پر حکومت پاکستان کی مکمل

معاونت کرینگے، عالمی بینک

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی بینک نے کہا ہے کہ معاشی سطح پر حکومت پاکستان کی مکمل معاونت کریں گے آئی ایم ایف، اقتصادی اصلاحات میں ابھی تک حکومت پاکستان کی جانب سے قابل ستائش اقدامات کیے گئے، عالمی بینک کے نائب صدر برائے مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان (ایم ای این اے اے پی) ریجن عثمان ڈیون نے........ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی کمشنر کیچ (ر) محمد اللہ یار بلیدی روڈز اور بلڈنگ کے ساتھ جاری ترقیاتی اسکیمات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مہنگائی میں بڑی کمی لا مسئلہ' قیمتوں میں استحکام کا امکان ہے' اے ڈی بی

صنعتی و خدمات کے شعبوں میں ترقی کا امکان، رواں مالی سال پاکستان کی شرح نمو کے ہدف 4.2 فیصد میں کمی نہیں کی گئی

عالمی تجارت میں غیر یقینی، کمزور مقامی طلب سے خطے کے ممالک کی شرح نمو متاثر ہوگی، ایشین ڈویلپمنٹ آؤٹ لک رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایشیائی ترقیاتی بینک نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے پاکستان میں گزشتہ مالی سال کے دوران مہنگائی میں بڑی کمی آئی، بینک نے ایشین ڈویلپمنٹ آؤٹ لک رپورٹ جاری کرتے ہوئے کہا امریکہ کی طرف سے ٹیرف میں اضافے کے باعث برآمدات میں کمی کا امکان ہے، عالمی تجارت میں غیر یقینی اور کمزور مقامی طلب سے بھی خطے کے ممالک کی شرح نمو متاثر ہوگی، رواں سال خطے کی شرح نمو 4.7 فیصد رہنے کا امکان ہے، اے ڈی بی رپورٹ کے مطابق مختلف تنازعات سے عالمی تجارت مزید متاثر اور توانائی کی لاگت........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے نوجوانوں کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے' سپیکر صوبائی اسمبلی

نوجوانوں کی رہنمائی، شمولیت اور قانون سازی میں کردار پر کام جاری ہے' عبدالخالق اچکزئی

نوشین افتخار کی قیادت میں وائی پی ایف کے وفد سے ملاقات میں بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق خان اچکزئی سے بدھ کو وائی پی ایف کے وفد نے نوشین افتخار کی قیادت میں ملاقات کی وفد میں ایم این اے نوابزادہ جمال خان رئیسانی، عثمان بادینی، ڈاکٹر شائستہ، مہک داد، اسامہ راجہ، اختر وانی، سعد اللہ اور محمد اقبال شامل تھے وفد کو اسمبلی بلڈنگ اور قانون سازی پر بریفنگ دی گئی وفد نے بلوچستان........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

طویل مدتی ترقی کے اہداف حاصل کرنے کیلئے تیار ہیں' سیکرٹری توانائی

داؤد بازئی کی زیر صدارت اجلاس میں شرکاء کا اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت کو یقینی بنانے کے عزم کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) محکمہ توانائی بلوچستان کے سیکرٹری داؤد بازئی کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی رابطہ اجلاس منعقد ہوا جس میں صنعتی اسٹیک ہولڈرز کی قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کو عوامی و نجی شراکت داری (PPP) ماڈل کے تحت فروغ دینے کے لئے حکمت عملی اور عملی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

آل بلوچستان کیمونٹی سکولز ایسوسی ایشن کے صدر امین خان میانی اور دیگر اپنے مطالبات کے سلسلے میں احتجاجی کیمپ میں بیٹھے ہیں

پاکستان اور ایل سلواڈور میں کرپٹو تعاون

پر مبنی تعلقات کا آغاز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور ایل سلواڈور نے پہلی بار کرپٹو کرنسی کے شعبے میں تعاون کی بنیاد پر دوطرفہ تعلقات قائم کر لیے، پاکستان کرپٹو کونسل کے چیف ایگزیکٹو اور وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے کرپٹو و بلاک چین بلال بن ثاقب نے جنوبی امریکی ملک کا دورہ کیا، صدر نایب بوکیلے سے ملاقات کی، کرپٹو و بلاک چین کے شعبوں میں معلومات کے تبادلے پر مبنی شراکت داری پر گفتگو ہوئی۔

چیئرمین گوادر پورٹ کی قیادت میں مکینیکل انجینئرز کا واٹر ڈیسالینیشن پلانٹ کا دورہ

ٹیم نے سمندر کے کھارے پانی کو میٹھا بنانے کے عمل کا باریک بینی سے جائزہ لیا

گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ نور الحق بلوچ کی قیادت میں مکینیکل انجینئرز کی ایک ٹیم نے گوادر پورٹ میں قائم واٹر ڈیسالینیشن پلانٹ کا تفصیلی دورہ کیا دورے کے دوران ٹیم نے پلانٹ کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور سمندر کے کھارے پانی کو میٹھا بنانے کے عمل کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ مکینیکل انجینئرز نے پلانٹ سے حاصل شدہ پانی کے........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

سلامتی کونسل میں کھلا مباحثہ' پاکستانی سفیر نے بھارت کا چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب کر دیا

بھارتی نمائندے نے اہم فورم پر بے بنیاد الزامات لگائے، سلامتی کونسل کو گمراہ کرنے کی کوشش کی گئی

بھارت پاکستان میں دہشتگردی کی منظم سرپرستی اور معاونت کرتا ہے، عثمان جدون کا مباحثے میں اظہار خیال

نیویارک (بیورو رپورٹ) سلامتی کونسل میں کھلے مباحثے کے دوران پاکستانی سفیر عثمان جدون نے بھارت کا چہرہ ایک بار پھر دنیا کے سامنے بے نقاب کر دیا، مباحثے کے دوران بھارتی مندوب کے ریمارکس پر پاکستان کے سفیر عثمان جدون نے جواب دیتے ہوئے کہا بھارتی نمائندے نے اہم فورم کا غلط استعمال کرتے ہوئے بے بنیاد الزامات لگائے، سلامتی کونسل کو گمراہ کرنے کی کوشش کی گئی، بھارتی نمائندے کے بیان کے برعکس حقائق بالکل واضح اور ناقابل تردید ہیں، بھارت جموں و کشمیر کے متنازع علاقے پر غیر قانونی قابض ہے، بھارت........ بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر



سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر گھنی ایکڑ روڈ پروجیکٹ پر پیش رفت کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سزائیں کچھ نہیں بگاڑ سکتیں' بانی کیساتھ کھڑے ہیں' پی ٹی آئی رہنما

جو خود آزاد نہ ہو وہ ہمیں کیا آزادی دے گا، اپنے نظریئے سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، یاسمین راشد، اعجاز چودھری، میاں محمود الرشید

حلف دینے کو تیار تھا 9 مئی واقعات میں میرا کوئی کردار نہیں، رہائی کی خبر سن کر خوشی ہوئی، میری طرح دیگر ساتھی بھی بے قصور ہیں، شاہ محمود قریشی

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کی انسداد دہشتگردی عدالت کی جانب سے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کیس میں سزا پانے والے تحریک انصاف کے رہنماؤں کا ردعمل سامنے آ گیا، کوٹ لکھپت جیل میں قید تحریک انصاف کی بزرگ خاتون رہنما یاسمین راشد نے عدالت کی جانب سے 9 مئی شیر پاؤ پل کیس میں 10 سال کی سزا دینے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا جو خود آزاد نہ ہو وہ ہمیں کیا آزادی دے گا، آج بھی وہیں کھڑی ہوں جہاں 2 سال پہلے تھی، اپنے مقصد، نظریئے یا جدوجہد سے پیچھے نہیں ہٹوں گی، سینیٹر اعجاز چودھری نے کہا ملک میں جمہوریت........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے میں تعلیم کے شعبے کو مزید ترقی دینا چاہتے ہیں' راحیلہ حمید درانی

تعلیم حاصل کرنے کا مطلب صرف سکول، کالج یونیورسٹی سے ڈگری لینا نہیں' صوبائی وزیر

جدید علوم ضروری اسکے ساتھ دینی تعلیم کی بھی اپنی اہمیت ہے' سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے انسان اور حیوان میں فرق تعلیم ہی کی بدولت ہے تعلیم کسی بھی قوم یا معاشرے کیلئے ترقی کا ضامن ہے یہی تعلیم قوموں کی ترقی اور زوال کی وجہ بنتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورچوئل اکیڈمی برائے اساتذہ تربیت ہر جگہ ہر استاد کو بااختیار........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

علم کے بغیر دور حاضر کے چیلنجز سے نمٹنا ممکن نہیں' اے این پی

باچا خان ٹرسٹ کے تحت برشور میں سکول کو معیاری ادارہ بنا کر دم لیں گے' مابت کاکا

پشین (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ علم حاصل کئے بغیر دور حاضر کے چیلنجوں سے نبرد آزما ہونا ناممکن ہے بچے اور بچیاں ہمارا مستقبل انہیں علم کے زیور سے آراستہ کرنے کیلئے تمام تر توانائیاں بروئے کار لائے جائیں یا........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے وفد سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

توہین مذہب الزامات کی تحقیقات کیلئے کمیشن

تشکیل دینے کے فیصلے کیخلاف اپیل دائر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) توہین مذہب کے الزامات کی تحقیقات کیلئے کمیشن تشکیل دینے کے فیصلے کے خلاف اپیل اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر کر دی گئی، عدالت عالیہ میں دائر درخواست میں انٹرا کورٹ اپیل میں سنگل بینچ کا فیصلہ کالعدم قرار دینے اور درخواست بھی ناقابل سماعت قرار دینے کی استدعا کی گئی ہے، اپیل میں کہا گیا سنگل بینچ نے درخواست میں استدعا سے آگے بڑھ کر سوموٹو اختیار استعمال کیا

ملک میں ارلی وارننگ کا سسٹم موجود نہیں، شیری رحمن

1912 کے ماڈل سے لوگوں کو ارلی وارننگ دی جا رہی ہے، قائمہ کمیٹی میں اظہار خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹر شیری رحمن نے کہا ہے ملک میں ارلی وارننگ کا سسٹم موجود نہیں، 1912 کے ماڈل سے لوگوں کو ارلی وارننگ دی جا رہی ہے، سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے ماحولیاتی تبدیلی کے اجلاس میں کمیٹی چیئرمین شیری رحمن نے کہا این ڈی ایم اے نے اپنی ذمہ داری نبھائی، بروقت وارننگ جاری کی گئی، قدرتی آفات نہیں کلائمیٹ........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کیساتھ تجارتی حجم جلد ایک ارب ڈالر تک پہنچ جائیگا، بنگلہ دیش

بنگلہ دیشی مصنوعات کے فروغ کیلئے پاکستان میں سنگل کنٹری نمائش کا انعقاد کرینگے، ہائی کمشنر

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) کراچی میں تعینات بنگلہ دیش کے ڈپٹی ہائی کمشنر محبوب العالم نے کہا ہے جلد ہی پاکستان، بنگلہ دیش کے درمیان تجارتی حجم ایک ارب امریکی ڈالر تک پہنچ جائے گا، لاڑکانہ کے دورے کے موقع پر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، لاڑکانہ پریس کلب اور آرٹس کونسل آف لاڑکانہ میں تاجروں و صنعتکاروں، صحافیوں، فنکاروں اور سرکاری........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

آج منعقدہ جرگے میں عوام کو حقائق سے آگاہ کریں گے' نور محمد دمڑ

قوم و مذہب پرست جماعتوں کی جانب سے پروپیگنڈوں کو بے نقاب کریں گے' صوبائی وزیر

زیارت فٹبال گراؤنڈ میں عوامی قبائلی جرگہ کی میزبانی مسلم لیگ ن کریگی' صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ جنگلات زمین الاٹمنٹ کے حوالے سے ایک اہم عوامی قومی جرگہ زیارت میں آج طلب کیا گیا ہے، جس میں زیارت ہرنائی سنجاوی شاہرگ یعنی حلقہ........ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام کے نام پر سیاست کرنیوالوں نے پشتونخوا وطن کو ترقی سے دور رکھا' خوشحال کاکڑ

اسلام ہی کے نام پر قومی واک واختیار اور وسائل پر کنٹرول حاصل کرنے کی حقیقی جدوجہد کی مخالفت کرتے رہے' چیئرمین پشتونخوا نیپ

مشترکہ محاذ اور قومی ایجنڈے کے تحت جدوجہد ناگزیر تمام جماعتیں یکجا ہو کر جاری قافلے میں شامل ہو جائیں

بلاجواز اختلافات سے اجتناب' قومی اتحاد اور مشترکہ جدوجہد میں کردار ادا کیا جائے' زیارت ورچوم میں عوامی جرگے سے خطاب

زیارت (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ اسلام کے مقدس نام پر سیاست کرنے والوں نے پشتونخوا وطن میں علم دوستی، تعلیم دوستی اور ہر قسم کی جدت پسندی اور ترقی پسندی کی مخالفت کر کے تمام وطن اور عوام کو ترقی و خوشحالی اور پرامن زندگی گزارنے کے منزل سے دور رکھا اور استعماری قوم کی بالادستی کے خلاف جدوجہد کو مقدس دین اسلام کے ساتھ........ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل پر ایران کا جوابی حملہ جائز تھا، فلسطین

کا دو ریاستی حل قبول نہیں، ملی یکجہتی کونسل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملی یکجہتی کونسل نے ایران اور فلسطین پر اسرائیلی جارحیت کی مذمت کرتے ہوئے ایران کے جوابی حملے کو جائز قرار دے دیا، نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے ملی یکجہتی کونسل کا اعلامیہ پیش کیا جس میں حکومت سے کشمیر اور فلسطین پر مضبوط حکمت عملی اپنانے کا مطالبہ کیا گیا، اعلامیے میں کہا گیا ابراہیم معاہدہ یا دو ریاستی حل کو تسلیم نہیں کریں گے، حکومت نے ابراہیم معاہدے کی آڑ میں اسرائیل کو تسلیم کرنے کی کوشش کی تو سخت مزاحمت کریں گے، ایٹمی پروگرام کو ایران کا حق سمجھتے ہیں

دکی کوئلہ کان

میں چار کان کن پھنس گئے

کوئٹہ (آن لائن) دکی کوئلہ کان میں چار کان کن پھنس گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز دکی کوئلہ کان میں تودہ گرنے سے چار کان کن پھنس گئے جس کے بعد کان کنوں نے اپنی مدد آپ کے تحت ایک کان کن کو زندہ اور ایک کی نعش نکال لی گئی تھی انہیں نکالنے کی کوشش کر رہے ہیں 24 گھنٹے گزرنے کے باوجود 2 کان کنوں کی لاشیں ابھی تک نہیں نکالی جاسکیں۔

رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی کی قیادت میں وائی پی ایف کا وفد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان، آسٹریا میں اقتصادی تعاون

بڑھانے کی ضرورت ہے، صدر مملکت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف زرداری سے آسٹریا کی سبکدوش ہونے والی سفیر اینڈریا وکے نے الوداعی ملاقات کی، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی بھی موجود تھے، صدر مملکت نے دوطرفہ تعلقات کے فروغ میں سفیر اینڈریا وکے کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا پاکستان آسٹریا کے ساتھ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے

قومی اسمبلی کی اقتصادی امور کمیٹی نے سولر پالیسی پر سوالات اٹھا دیئے

سرمایہ کاری میری ہے اور فیصلہ وزیر کریں گے، مرزا اختیار بیگ کا اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کی اقتصادی امور کمیٹی نے حکومت کی سولر پالیسی پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا سولر پالیسی میں بہت تضادات ہیں، قومی اسمبلی کی اقتصادی امور کمیٹی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی عاطف خان کی زیر صدارت ہوا، 30 سالوں........ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ کا المیہ انسانیت کا امتحان، عالمی رہنما آواز اٹھائیں، ملائیشین وزیراعظم

لوگ بھوک سے مر رہے ہیں، انسانی جان اور وقار کی ہولناک بے توقیری ختم ہونی چاہیے

کوالالمپور (بیورو رپورٹ) ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم نے غزہ کیلئے عالمی رہنماؤں سے آواز بلند کرنے کی اپیل کر دی، انور ابراہیم نے کہا غزہ میں رونما ہوتے والا المیہ پوری انسانیت کا امتحان ہے، غزہ میں پورے پورے خاندانوں اور بچوں کا قتل ہو رہا ہے........ بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں کینسر کا علاج کرانے والے 3 ہزار مریض حکومتی فنڈ سے محروم

ہیلتھ کارڈ پر علاج کی سہولت سے محروم مریضوں کی مشکلات میں اضافہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان میں ہیلتھ کارڈ کے ذریعے کینسر کا علاج کرانے والے تقریباً 3 ہزار مریضوں کو حکومت کی جانب سے ایک ماہ کا عرصہ گزرنے کے باوجود سول ہسپتال کو مزید فنڈز جاری نہیں کیے گئے جس کی وجہ سے ہیلتھ کارڈ پر علاج کی سہولت سے محروم مریضوں کی مشکلات بڑھ رہی ہیں کینسر کے مریضوں نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے........ بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

آئندہ ماہ سے ششماہی مانیٹری پالیسی رپورٹ شائع کرینگے، سٹیٹ بینک

رپورٹس جولائی اور جنوری اجلاسوں کے بعد 2 ہفتوں کے اندر شائع ہوں گی، اعلامیہ

کراچی (بیورو رپورٹ) سٹیٹ بینک نے آئندہ ماہ سے ششماہی مانیٹری پالیسی رپورٹ شائع کرنے کا اعلان کر دیا، اعلامیے کے مطابق رپورٹس جولائی اور جنوری اجلاسوں کے بعد 2 ہفتوں کے اندر شائع ہوں گی، رپورٹس میں سٹیٹ بینک اپنی پیشگوئیوں کو اپ ڈیٹ کرے گا، سٹیٹ بینک مہنگائی کو ہدف بنانے والا نظام اپنانے کی طرف پیشرفت چاہتا ہے، علاوہ ازیں مرکزی بینک نے زری پالیسی کمیٹی کے اجلاسوں کا شیڈول جاری کر دیا، اجلاس........ بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی میں ویمن پارلیمنٹری کاکس کے تحت اجلاس' خواتین اراکین کی شرکت

صنفی مساوات کے بغیر کوئی پائیدار ترقی ممکن نہیں' غزالہ گولہ' فرح عظیم شاہ' ڈاکٹر ربابہ بلیدی

خواتین کی آواز اور قیادت کو بااختیار بنانا اہم ضرورت ہے' شاہدہ رؤف' کلثوم نیاز بلوچ و دیگر

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان اسمبلی میں ویمن پارلیمنٹری کاکس کے تحت منعقدہ اجلاس میں موجودہ اور سابق خواتین اراکین اسمبلی سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات اور اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی یہ پروگرام یو این ویمن کے اشتراک سے منعقد کیا گیا اجلاس کا مقصد خواتین کی برابری، تحفظ اور قیادت کو یقینی بنانے کے لئے ایک مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنا تھا۔ اس موقع پر اسمبلی کے نظام میں ادارہ جاتی جینڈر آڈٹ کرنے اور اسمبلی........ بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں ہوئے مظالم میں اسلام آباد شریک ہے' مولانا ہدایت الرحمن

30 لاکھ افراد کو روزگار دینے کیلئے بارڈرز فعال' آزادیوں پر پابندی ختم' سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے' امیر جماعت اسلامی

بلوچستان میں حکومتی رٹ قائم نہیں صرف دھمکیوں و بیانات کے ذریعے عوام کو ڈرایا جا رہا ہے' عالمو میں لانگ مارچ کے حوالے سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ اسلام آباد کے حکمران بلوچستان میں مداخلت بند کریں 30 لاکھ افراد کو روزگار دینے کیلئے بلوچستان کے بارڈرز کو کھول دیئے جائیں سیاسی آزادیوں پر پابندی ختم سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے 25 جولائی لانگ مارچ کے سلسلے میں عالمو چوک ائیرپورٹ روڈ پر قائم آگہی کیمپ میں میڈیا و کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر امیر جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند نائب........ بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

قبائلی عمائدین تنازعات کے حل کیلئے مشترکہ پلیٹ فارم بنائیں' جمعیت نظریاتی

علماء کرام اقوام کے درمیان نفرتوں کے خاتمے کیلئے کردار ادا کریں' مولانا عبدالقادر لونی' مفتی شفیع الدین

ان قبائلی رنجشوں کے باعث ہزاروں بچے یتیم' عورتیں بیوہ خاندان در خاندان اجڑ گئے' عبدالستار شاہ چشتی' حاجی حیات اللہ کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی حاجی حیات اللہ کاکڑ اور دیگر نے وزیراعلیٰ اور گورنر بلوچستان تمام سیاسی مذہبی جماعتوں کے سربراہان تمام اقوام کے نواب' سرداروں اپیل کی ہے کہ بلوچستان کے پشتون بلوچ قبائلی تنازعات کے حل کیلئے فوری طور ایک اعلیٰ بااختیار قبائلی تنازعات دشمنیوں کے خاتمہ کیلئے کمیٹی تشکیل دیں انہوں نے تمام قومی تنازعات کو اسلامی اصولوں........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر